بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لمعات

23 مارچ

یوں تو ہر دن اللہ ہی کا ہوتا ہے لیکن بعض دنوں میں اس قسم کے عظیم الشان انقلاب واقع ہوتے ہیں کہ قرآن انہیں ''ایام اللہ'' کہہ کر پکارتا ہے۔ اسی طرح قوموں کی زندگی میں بعض دن ایسے آتے ہیں جن میں ان کا کاروان حیات ایک نیا موڑ مڑتا ہے اور اس سے ان کی قسمت کا پانسہ پلٹ جاتا ہے۔ اس قسم کے دن قوموں کی زندگی میں یادگار بن جاتے ہیں اور تاریخ کے اوراق میں درخشندہ حروف میں لکھے جاتے ہیں مسلمانان ہندو پاکستان کی حیات ملی میں گذشتہ پچیس سال کے عرصہ میں کئی دن ایسے آئے ہیں جن کی یاد کو تاریخ اپنی آغوش میں محفوظ رکھے گی۔ ان میں سب سے پہلا یادگار دن ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کا تھا جب الہٰ آباد کے مقام پر مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں' حکیم الامت علامہ اقبالؒ نے اپنا وہ خطبۂ صدارت ارزانی فرمایا جس نے فی الحقیقت اس قوم کے مستقبل کے دھارے کا رخ بدل دیا۔ اس سے پہلے مسلمانان ہند ایک راہ گم کردہ قافلے کی طرح پریشان وسرگرداں' ادھر ادھر مارے مارے پھرتے تھے۔ ان کے پاؤں اٹھتے تھے لیکن نہ سراغ راہ ان کے سامنے تھا نہ نشان منزل۔ وہ ہر دور سے نظر آنے والے غبار کی طرف لپک کر بڑھتے تھے کہ شاید اس میں وہ ''شہ سوارِ اشہبِ دوراں'' ہو جو انہیں صحیح وسلامت منزل مقصود تک لے جائے لیکن اس کے بعد مایوس ہو کر بیٹھ جاتے تھے کہ وہ غبار' بگولے کے رقص سے زیادہ کچھ نہیں ہوتا تھا۔ اس تشتت وانتشار اور یاس وحزن کے عالم میں اس حکیم الامت نے جسے قرآنی بصیرت نے دیدۂ انجم عطا فرمایا تھا' ان پراگندہ افرادِ کارواں کو پکارا اور نہایت حکمت وتدبر اور شفقت ومحبت سے انہیں بتایا کہ ان کی منزل مقصود کیا ہے اور اس تک پہنچنے کا صحیح راستہ کونسا۔ انہوں نے سب سے پہلے اپنے مخاطبین سے کہا کہ

> آپ نے مسلم لیگ کے اس اجلاس کی صدارت کے لئے اس شخص کو منتخب کیا ہے جو اسلام کے مستقبل سے مایوس نہیں۔ اسے پورا پورا یقین ہے کہ اسلام میں وہ قوت موجود ہے جو انسان کو اس کی تنگ نظری سے نجات دلا سکتی ہے جسے جغرافیائی حدود نے پیدا کر دیا ہے۔ جس کا ایمان یہ ہے کہ ایک فرد

یا مملکت کی زندگی میں مذہب کی قوت بے حد اہمیت رکھتی ہے۔ اور جو (اس حقیقت پر علیٰ وجہ البصیرت) یقین رکھتا ہے کہ اسلام اپنی تقدیر آپ ہے۔ اس لئے دنیا کا کوئی حادثہ اسے تباہ نہیں کر سکتا۔

اس کے بعد انہوں نے فرمایا کہ یہ تمہاری غلط نگہی ہے جو تم نے سمجھ رکھا ہے کہ مسلمانوں کی قومیت وطن کی حدود سے متشکل ہوتی ہے۔ ان کی قومیت کا مدار اسلام پر ہے۔

جس نے جذبات اور وفا شعاریوں کے وہ بنیادی اصول عطا کئے ہیں جو رفتہ رفتہ پراگندہ افراد اور منتشر گروہوں میں یک جہتی اور یک نگہی پیدا کر کے انہیں آخرالامر ایک متعین قوم میں تبدیل کر دیتے ہیں۔

قومیت کی ان نئی بنیادوں کی وضاحت کے بعد، وہ مسلمانان ہند کے مستقبل کو سامنے لائے اور کہا کہ

میں چاہتا ہوں کہ پنجاب۔ صوبہ سرحد۔ سندھ اور بلوچستان کو ایک دوسرے میں مدغم کر کے ایک مملکت بنا لیا جائے۔

انہوں نے اپنی اس آواز کے اظہار تک ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ ایمان و ایقان کی ایک ایسی آواز کے ساتھ جو دل کی گہرائیوں سے ابھرا کرتی ہے، پورے حتم و یقین سے فرمایا کہ

حکومت برطانیہ کے دائرہ کے اندر رہ کر ہو یا آزادانہ طور پر۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک مستحکم اور متحدہ مملکت کا قیام ان کے لئے مقدر ہو چکا ہے۔

یہ تھا نشان منزل (یعنی ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک متحدہ مملکت کا قیام) اور وہ تھا سراغ راہ (یعنی وطنی، نسلی، لسانی نسبتوں سے بلند ہو کر، محض اسلام کی بنیادوں پر مسلم قومیت کی تشکیل) جو ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کو اس پراگندہ فکر اور افسردہ خاطر قوم کے سامنے رکھا گیا۔ یہ دن، فی الحقیقت مسلمانان ہندوستان کی زندگی میں، ہمیشہ زندہ و تابندہ رہنے والا دن تھا۔

چونکہ ہر انقلابی آواز کی طرح یہ آواز بھی اپنے زمانے سے بہت آگے تھی اس لئے کسی نے اسے سنجیدگی سے درخور اعتنا نہ سمجھا۔ لیکن زمانے کے تقاضے قوم کو کشاں کشاں اسی طرف لئے جا رہے تھے۔ انہی تقاضوں نے ان میں قائداعظمؒ جیسی شخصیت کو ابھار دیا۔ انہوں نے سب سے پہلے، قومیت کے اس ''جدید'' تصور کے ماتحت، مسلمانان ہند کو ایک جداگانہ ملت کی حیثیت سے منظّم کیا اور اس کے بعد ان میں اس منزل کے شعور کو بیدار کیا جس کا نشان اقبال نے

۱۹۳۰ء میں دیا تھا۔ چنانچہ چند ہی سال کی کوششوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس قوم نے ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو، اسی حکیم الامتؒ کے مرقد کے سرہانے کھڑے ہو کر اپنے اس عزم کا اعلان کیا کہ ہم ہندوستان میں اپنی جداگانہ مملکت کو قائم کر کے رہیں گے۔ یہ دن اس قوم کی کتاب زندگی میں ستاروں کی روشنائی میں لکھے جانے کے قابل ہے۔

اس عزم کے بعد، اس منزل تک پہنچنے کے لئے مسلسل جدوجہد جاری رہی تا آنکہ انہیں نہ صرف شمال مغربی بلکہ اس کے ساتھ ہی شمال مشرقی ہند میں بھی ایسا خطۂ زمین مل گیا جس میں یہ اپنے تصورات کے مطابق اپنی آزاد مملکت قائم کر سکتے تھے۔ یہ انقلاب عظیم ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو واقع ہوا۔ یہ دن ان کی حیات ملی میں ہزاروں مسرتوں اور لاکھوں شادمانیوں کا پیامبر تھا اور بلاشائبہء تشکیک، قرطاسِ ارض پر سورج کی کرنوں سے مرصع کاری اور زرنگاری کا مستحق۔ اس طرح سترہ سال کے قلیل عرصہ میں (جو قوموں کی زندگی میں پلک جھپکنے سے زیادہ کا عرصہ نہیں کہلا سکتا) ایک ''شاعر کا خواب'' خواب یوسف کی طرح، حقیقت ثابتہ بن کر سامنے آ گیا۔

لیکن جہاں ایک طرف، اس قوم کی قسمت کے ستارے یوں ایک ایک کر کے بیدار ہوتے جا رہے تھے، تاریکی کا ایک گوشہ بھی اس کے ساتھ چلا آ رہا تھا کہ اقبالؔ نے پاکستان کا تصور دیا لیکن قبل اس کے کہ یہ حقیقت منتظر، لباس مجاز میں سامنے آ جائے، وہ ہم سے رخصت ہو گیا۔ پھر جناحؔ نے وہ خطۂ ارض حاصل کر لیا جس میں اس جدید مملکت کو متشکل ہونا تھا لیکن قبل اس کے کہ اس کی بنیادیں اس نقشے کے مطابق استوار ہوں۔ وہ بھی ہمیں الوداع کہہ گیا۔ اب قوم کے برسر اقتدار طبقہ کی حالت ان رئیس زادوں کی سی ہو گئی جنہیں بیٹھے بٹھائے ایک ریاست ورثہ میں مل جائے۔ اور عوام کی حالت ان یتیموں کی سی جن کا کوئی والی وارث ہی نہ رہے۔ چنانچہ اس عرصہ میں، اوپر کے طبقے نے اس مفت میں ملی ہوئی ریاست کا جو کچھ حشر کیا اور نیچے کے طبقے کے ساتھ جو کچھ بیتی اس کے متعلق اس سے زیادہ اور کیا کہا جائے کہ

فلیضحکوا قلیلا ولیبکوا کثیرا جزاء بما کانوا یکسبون (۹/۸۲)

انہوں نے جو کچھ اپنے ہاتھوں سے کیا ہے، انہیں چاہئے کہ اسے دیکھ کر روئیں بہت زیادہ اور ہنسیں بہت کم۔

اقبال نے تخلیق پاکستان کی اہمیت یہ بتائی تھی کہ

> ہندوستان میں، بہ حیثیت ایک ثقافتی قوت کے، اسلام کی زندگی کا دارومدار اس پر ہے کہ اسے ایک خاص خطہ میں مرکوز کر دیا جائے۔

اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ ''یہ خطۂ زمین بیرونی حملہ آوروں کی مدافعت کا ذریعہ بن جائے گا خواہ وہ حملے توپ و تفنگ کے ہوں اور خواہ نظریات و تصورات کے۔'' اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ

اس سے اسلام کو اس کا موقع مل سکے گا کہ وہ اپنے آپ کو ان اثرات سے پاک اور صاف کر لے جنہوں نے اسے عربی ملوکیت کے زمانے میں ملوث کر دیا تھا۔ یہ اپنی تعلیم' اپنی ثقافت اور اپنے قوانین کو ایک طرف حقیقی اسلام سے اور دوسری طرف دور حاضرہ کے تقاضوں سے قریب تر کر سکے گا۔

یہ تھے وہ فوائد جو اسلام کو اس صورت میں حاصل ہونا تھے جب شمال مغربی خطہ ایک واحد مملکت بن جاتا۔ اب جبکہ ہم نے شمال مغربی خطہ کو ایک مملکت بنا لیا ہے' ہمارے پیش نظر ان مقاصد کا حصول ہونا چاہئے۔ یعنی ہم اس خطۂ زمین میں ایسا معاشرہ قائم کریں جو حقیقی اسلام (یعنی قرآن) کے اصولوں پر متشکل ہو اور ان اصولوں کی روشنی میں ہم ایسے جزئی قوانین مرتب کریں جو دور حاضر کے تقاضوں کو کما حقہٗ پورا کر سکیں۔ اسی سے اسلام ان غیر اسلامی عناصر سے منزہ ہو سکے گا جو ہمارے دور ملوکیت کی یادگار ہیں اور جنہیں ہم غلط فہمی سے ہزار برس سے (حقیقی اسلام سمجھ کر) سینے سے لگائے پھر رہے ہیں اور اسی سے ہمارا دین ایک زندہ قوت بن کر دنیا میں ہماری حفاظت اور صیانت کا ذمہ دار بن جائے گا۔ اس لئے کہ (اقبال کے الفاظ میں) تاریخ کے نازک ادوار میں' اسلام نے مسلمانوں کو بچایا ہے۔ مسلمانوں نے اسلام کو نہیں بچایا۔''

اقبالؔ نے اپنے مذکورۂ بالا خطبہ میں یہ بھی بتایا تھا کہ ہمارے زوال کی دو علتیں بالکل نمایاں ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہم میں صحیح ٹائپ کے لیڈر نہیں۔

> لیڈر سے میری مراد ایسے افراد ہیں جو اپنی خداداد بصیرت یا تجربہ کی بنا پر' اسلام کی روح اور اس کی غایت سے پوری طرح واقف ہوں اور دوسری طرف عصر حاضر کے تقاضوں کا بھی صحیح صحیح احساس رکھتے ہوں۔ اس قسم کے افراد درحقیقت قوم کے لئے ''خدائی قوت'' کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن مشکل یہ ہے کہ یہ خدا کی طرف سے بنے بنائے ملتے ہیں۔ آرڈر دے کر بنوائے نہیں جا سکتے۔

دوسری علت انہوں نے یہ بتائی تھی کہ ہماری قوم میں ''ملی شعور'' کی کمی ہوتی جا رہی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص اپنے اپنے ذاتی مفاد کے پیچھے پڑا رہتا ہے اور ملت کے تعمیری کاموں کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہمارے ہاں اس وقت کوئی لیڈر بھی ان خصوصیات کا حامل نہیں جس کی طرف اقبال نے اشارہ کیا ہے۔ جو لوگ فضا میں خلا کی وجہ سے مذہبی پیشوائیت کی مسندوں پر متمکن ہو گئے ہیں اور زمامِ اقتدار اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں انہیں نہ اس کا علم ہے کہ اسلام کی روح اور غایت کیا ہے اور نہ ہی اس کا شعور کہ عصر حاضر کے تقاضے کیا۔ لیکن اس کمی کو اس طرح پورا کیا جا سکتا ہے کہ ہم باہمی مشاورت سے اپنے تمام معاملات میں قرآن سے راہنمائی حاصل کریں اور اس کی روشنی میں عصر حاضر کے پیش کردہ مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ ہو سکتا ہے کہ اس

کوشش میں ہم کسی جگہ غلطی بھی کر جائیں۔لیکن غلطیوں سے کبھی گھبرانا نہیں چاہئے۔مزید تجربہ غلطیوں کی اصلاح خود بخود کر دیا کرتا ہے۔باقی رہی قوم میں ملی شعور کی بیداری' سواس کی واحد صورت وہی ہے جسے قرآن نے بطور اصل الاصول پیش کیا ہے۔یعنی انفرادی مفاد کو کم از کم کر کے ملی مفاد کو زیادہ سے زیادہ کر دیا جائے۔بالفاظ دیگر' رزق کے سرچشموں کو انفرادی ملکیت سے نکال کر ملت کی اجتماعی تحویل میں دے دیا جائے تاکہ وہ انہیں تمام افرادِ ملت کی نشوونما کے کاموں میں صرف کر سکے۔قرآن نے اقوام کی تخلیق اور نشاۃ ثانیہ کا ایک اہم اصول بتایا ہے اور وہ یہ کہ پوری کی پوری قوم ایک فرد واحد کی حیثیت سے زندگی بسر کرے۔**ماخلقکم ولا بعثکم الا کنفس واحدۃ**(۳۱/۲۸)۔اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ رزق کے سرچشموں میں افراد کا الگ الگ مفاد نہ رہے بلکہ پوری ملت کا مفاد مشترکہ ہو اور اس کے بعد کسی کے دل میں قطعاً یہ خیال نہ پیدا ہو کہ وہ سندھی ہے یا پنجابی۔بلوچی ہے یا سرحدی۔اگر اسلام لانے کے بعد بھی' امتیازاتِ رنگ بو کے یہ بت ہمارے دلوں میں قائم رہے تو سمجھ لیجئے کہ ہمارے دلوں میں ایمان نے گھر نہیں کیا۔ہم بدستور مشرک کے مشرک ہیں۔

انا ھدینٰہ السبیل اما شاکرا واما کفوراً (القرآن:۷۶/۳)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

داعیانِ الی القرآن

حافظ سید محبّ الحق صاحب مرحوم!

’’ہم کہہ دیں گے کہ ہم کو قرآن ہی ملا اور وہی قرآن ہم لے کر آئے ہیں‘‘

سفر آخرت کی تیاری ہو رہی ہے اور مسافر زادِ راہ تیار کر رہا ہے۔

خوش آں راہی کہ سامانے نہ گیرد

کے نشہ میں سرشار مسافر کی نگاہ میں دنیا کا کوئی سامان نہیں جچتا اور اس کی روح کی گہرائیوں سے آواز اٹھتی ہے:

حسبنا کتاب اللہ

وہ اپنے منتہا کو دیکھتا ہے‘ اسے یقین ہو چکا ہے کہ کوئی وقت جاتا ہے کہ اس کی آنکھ اس جہان آب وگل پر بند ہو جائے گی اور اس عیشۃ راضیہ پر کھلے گی جس کا قرآن میں وعدہ کیا گیا ہے۔ اس کا نفس مطمئنہ اپنے آپ کو اپنے رب کے حضور میں محسوس کرتا ہے اور پورے یقین اور ایمان سے پکار اٹھتا ہے کہ

ہم کو قرآن ہی ملا اور وہی قرآن ہم لے کر آئے ہیں!

ڈاکٹر تھارانی روڈ پر حسن منزل (کراچی) میں ایک مرد درویش رہا کرتے تھے۔ خوبصورت‘ نورانی چہرہ‘ سفید گھنی کھلی داڑھی‘ نوے سال سے اوپر کا سن عمر کے تقاضے سے جسم مجموعۂ امراض بن چکا تھا۔ بصارت قریباً جواب دے چکی تھی‘ سماعت نہ ہونے کے برابر تھی۔ لیکن جسمانی عوارض کے باوجود ذہنی مستعدی اور قلبی حضور کا یہ عالم تھا کہ جو ارادت کیش مزاج پرسی کے لئے حاضر ہوتے ان کے مضطربانہ سوالات کے جواب میں نہایت اختصار سے یوں فرماتے کہ نیند بھی نہیں آئی‘ کچھ کھا بھی نہیں سکا‘ اختلاج بھی ہو گیا‘ وغیرہ‘ لیکن اللہ کا فضل ہے۔۔ اور اس کے بعد سلسلہ کلام کچھ اس طرح شروع ہو جاتا کہ دیکھئے‘ ہم بیٹھے بیٹھے قرآن کے فلاں مقام پر یوں غور کر رہے تھے۔ اگر اس میں کچھ اشکال محسوس ہوتا تو بلا تکلف سامع کی رائے پوچھتے ورنہ اپنے خیال کا اظہار کرتے اور اس انداز سے گفتگو جاری رہتی کہ پرسانِ حال یہ سمجھتے کہ آپ کے مزاج بحمداللہ بخیر ہیں۔

یہ تھے شمس العلماء حافظ سید محبّ الحق صاحب رئیس پٹنہ۔

☆☆☆

آپ شاہو بیگہ، ضلع گیا (بہار) میں پیدا ہوئے۔ سن پیدائش قریباً ۱۸۵۵ء تھا۔ چونکہ آپ کے والد بزرگوار سید فدا حسین صاحب اسی گاؤں میں مقیم تھے اس لئے آپ کے بچپن کا زمانہ اسی گاؤں میں گذرا۔ ایک قاری محمد جان صاحب کو انہیں قرآن مجید حفظ کرانے کے لئے مقرر کیا گیا۔ قاری صاحب لکھو کے رہنے والے تھے لیکن وہ تین سال تک ان کے پاس شاہو بیگہ میں رہے۔ قاری صاحب قرأت میں غیر معمولی شہرت رکھتے تھے، یہاں تک کہ ان کے حسن قرأت کی وجہ سے مشہور تھا کہ ان کے پاس جن پڑھنے کے لئے آتے ہیں۔ وہ جب سید صاحب کے پاس آتے تو آتے ہی کہتے: ہاں بھئی حافظ صاحب سناؤ! جب ان کا شاگرد انہیں بے تکلف قرآن سنا دیتا تو فرط محبت سے ان کی آنکھوں سے آنسو رواں ہو جاتے۔ تین سال کے بعد جب آپ لکھو واپس چلے گئے تو ایک نابینا حافظ فضل حسین صاحب حفظ قرآن پر مقرر کئے گئے۔ ان قاری صاحب کا حافظہ بلا کا تھا اور قرآن اس صحت اور روانی سے یاد تھا کہ جب بھی ان سے پوچھا جاتا کہ فلاں آیت کس مقام پر ہے تو نہایت بے تکلفی سے فوراً صحیح بتا دیا کرتے تھے۔

جب حافظ صاحب کی عمر کوئی ۲۳ یا ۲۴ برس کی ہوئی تو آپ عظیم آباد (پٹنہ) تشریف لے گئے۔ وہاں پر آپ نے عربی کی تعلیم حاصل کی۔ وہیں ایک بڑے رئیس مولوی مشیر علی صاحب کی نواسی۔۔ سے آپ کی شادی بھی ہوگئی تو آپ نے پٹنہ ہی میں مکان بنوا کر مستقل رہائش اختیار کر لی۔ تین چار سال میں ان کی بیگم کا انتقال ہوگیا۔ ان کے بطن سے ایک لڑکی پیدا ہوئی تھی وہ بھی فوت ہوگئی آپ کے چچا سسر کا نام سید رضا حسین تھا جو وہاں کے ''سرسید'' مشہور تھے۔

آپ کی دوسری شادی سید عبدالعزیز کی ہمشیرہ سے ہوئی۔ سید عبدالعزیز صاحب پٹنہ کے مشہور لیڈر تھے اور مخدوم راسنیؒ کی اولاد میں سے تھے۔

اب حافظ صاحب کا رجحان تصوف کی طرف ہونا شروع ہوگیا۔ آپ کی عمر کوئی تیس برس کی ہوگی کہ ایک بزرگ حاجی خدا بخش صاحب جو کہ غازی پور کے رہنے والے تھے اور دہلی میں مقیم تھے، پٹنہ تشریف لائے۔ ایک دن اتفاقیہ حافظ صاحب کی ان سے ملاقات ہوگئی تو آپ نے دیکھا کہ لوگ آ آ کر حاجی صاحب سے قرآن کے مطالب پوچھتے ہیں۔ حافظ صاحب نے بھی عرض کیا کہ اگر آپ خدا کی راہ بتاتے ہیں تو میں بھی آپ کے پاس آیا ہوں۔ حاجی صاحب نے جواب دیا کہ اللہ کی راہ قرآن میں ہے اور ''تمہارے پاس قرآن موجود ہے''۔ حافظ صاحب فرماتے ہیں کہ ''جب بھی ان سے کچھ پوچھا جاتا تو حاجی صاحب یہی جواب دیتے کہ تمہارے پاس قرآن موجود ہے۔''

حافظ صاحب پہلے ہی سے قرآن کی طرف راغب تھے۔ حاجی صاحب کے جواب سے ان کے رجحان کو اور تقویت ملی۔ آپ کے بیان کے مطابق ان کے پیر صاحب بیعت نہیں لیا کرتے تھے بلکہ صرف قرآن پڑھنے اور اس پر عمل کرنے کی تلقین فرمایا کرتے تھے۔ اس سے ان کا قرآن میں استغراق اس قدر زیادہ ہوگیا کہ بتدریج کسی اور کتاب

کی طرف توجہ ہی نہ رہی' نوبت یہاں تک پہنچ گئی کہ جب ۱۹۴۰ء میں محترم پرویز صاحب نے ان کی طرف خط لکھا اور ایک حوالہ دریافت کیا تو آپ نے جواب دیا:

''میں نے اپنی کل کتابیں حدیث وتفسیر سب ہی مدرسہ شمس الہدیٰ میں دے ڈالی تھیں اور صرف قرآن کو اپنا نصب العین بنایا تھا کہ بس قرآن ہی کافی ہے..... میری کل تصنیفوں کی بنیاد صرف قرآن پر ہے..... میرا سن انہتر کو پہنچا۔ اپنے حافظہ پر اعتماد نہیں رہا۔ کتابیں قرآن کے سوا کوئی میرے پاس نہیں۔ (۲۱ اگست ۱۹۴۰ء)

☆☆☆

آپ کی سب سے اولیں تصنیف ایک رسالہ ''میلاد النبی'' ہے۔ یہ ۹۲ صفحات کا رسالہ بہت مقبول ہوا اور کئی بار شائع ہوا۔ گو بعد میں آپ فرمایا کرتے تھے کہ ''یہ میرے ایام جاہلیت کی تصنیف ہے'' تاہم اس کی بہت قدر کی گئی۔ یہ رسالہ حیدرآباد (دکن) میں بھی شائع ہوا تھا۔ پٹنہ کے ایک پادری ڈین صاحب نے' جن کے ذمہ ڈسٹرکٹ سکولوں کے لئے نصاب تعلیم کی کتابوں کا انتخاب تھا' دیکھ کر کہا:

ہم نے پیغمبر اسلام کے حالات بہت پڑھے لیکن اس جیسی کتاب نہیں دیکھی۔

سر علی امام پٹنہ کے مشہور بیرسٹر حافظ صاحب کے بھانجے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے آپ کو اپنے ہاں دعوت پر بلایا۔ دوران گفتگو کہنے لگے کہ اگر آپ اجازت دیں تو میں بے تکلف ہو کر آپ سے گفتگو کروں کیونکہ میں بعض سوالات کے تشفی بخش جواب چاہتا ہوں۔ آپ کے اجازت دینے پر سر علی امام کہنے لگے کہ قرآن مجید کی حقانیت کے لئے صرف اتنا ہی کہہ دینا کہ اس جیسی ایک سورت بنا لاؤ کچھ سمجھ میں نہیں آتا کیونکہ سعدی کی گلستاں اور ہومر کی کتاب اور اسی طرح کی کئی کتابیں ہیں کہ ان کے جواب کی کتابیں بھی آج تک کوئی شائع نہیں کر سکا۔ اور پھر قرآن میں کوئی تسلسل بھی نہیں۔ کہیں کچھ ہے' کہیں کچھ۔ حافظ صاحب نے اعتراض سنا اور بڑے تحمل سے جواب شروع کیا:

جیسا کہ خدا تعالیٰ کی مخلوق میں سلسلہ ہے' ویسے ہی اس کے کلام میں سلسلہ ہے' جو اس بات کا ثبوت ہے کہ قرآن خدا کا کلام ہے.....

حافظ صاحب نے ان اعتراضات کو سامنے رکھا اور ان کو پیش نظر رکھتے ہوئے اپنی پہلی کتاب ''دعوت الحق'' تصنیف کی۔ آپ نے جب یہ کتاب سر علی امام کو دکھائی تو انہوں نے اعتراف کیا کہ ان کے سب اعتراضات کا جواب مل گیا ہے۔ اس اثنا میں آپ مسوری تشریف لے گئے۔ وہاں آپ کے پاس کالج کے دو متعلم آنے لگے۔ ان کا میلان دہریت کی طرف تھا۔ دوران گفتگو میں وہ اعتراضات کرتے اور حافظ صاحب ان کے جواب دیتے۔ یہ سلسلہ کئی دن تک جاری رہا۔ ایک دن آپ نے ان سے کہا کہ اس طرح تو تمہارے سوالات ختم نہیں ہوں گے' لو یہ کتاب میں نے لکھی ہے' اسے پڑھو۔ انہوں نے بھی جب دعوت الحق کا مطالعہ کیا تو اس میں اپنے جملہ اعتراضات کا تشفی بخش جواب

پایا اور دہریت سے باز آ گئے۔ اس کے بعد ''دعوت الحق'' کو شائع کر دیا گیا اور وہ بہت مقبول ہوئی۔ اس کتاب کی نظام دکن نے بھی بہت تعریف کی اور حافظ صاحب کا وظیفہ مقرر کر دیا۔ حافظ صاحب کے نظام دکن سے قریبی مراسم تھے' چنانچہ جب ملاقات ہوتی تھی تو متعدد مسائل پر گفتگو رہتی تھی۔ آپ جب بھی حیدر آباد جاتے ایک ایک دو دو ماہ قیام رہتا۔

حافظ صاحب کی تمام تصانیف اس وقت قریباً نایاب ہیں۔ ہمیں افسوس ہے کہ دعوت الحق ہمارے بھی پیش نظر نہیں۔

دعوت الحق کے کوئی دس برس بعد ۱۳۳۹ھ میں یعنی آج سے کوئی اسی اکیاسی برس پہلے شرعتہ الحق شائع ہوئی۔ اس سلسلہ کی تیسری کتاب منہاج الحق تھی جو کوئی چھ سال بعد یعنی ۱۳۴۵ھ میں شائع ہوئی۔ حافظ صاحب پرویز صاحب کے نام اپنے ایک مکتوب گرامی میں لکھتے ہیں:

> میں نے کتاب (یعنی شرعتہ الحق) لکھی' اس کو قریب قریب چالیس برس ہوئے ہوں گے۔ یہ کتاب جو علماء کے لئے ہے اور دوسری کتاب منہاج الحق جو صوفیہ کے لئے ہے۔ دونوں کتابیں دس برسوں تک لکھی لکھائی پڑی رہیں۔ میرا لڑکا بیرسٹری کے لئے ولایت گیا ہوا تھا' چھپوانے کا موقع نہ ملا اور پھر بھول چوک بھی۔ اتفاق سے میں حیدر آباد گیا۔ وہاں منہاج الحق سننے کو مجمع آتا رہا اور اس میں ہمارے دوست مولوی حمید الدین صاحب بھی آئے۔ فرمائش کر کے کچھ سنا اور کتاب کو میرے ہاتھ سے لے لیا۔ دیکھا تو ان کی نظر پڑی کہ اس کتاب کو صاف ہوئے دس برس ہو گئے۔ وہ مصر ہوئے کہ اس کو فوراً چھپنا چاہئے' ورنہ آپ مر جائیں گے اور کتاب ضائع ہو جائے گی۔ مسلمانوں کے بہت ذخیرے ضائع ہو چکے۔ انہوں نے اسی وقت کاتب کو بلا کے اس کے حوالہ کیا کہ فوراً کتاب چھپے۔ میں نے کہا کہ پروف کون دیکھے گا میں جا رہا ہوں۔ مولوی عبدالغنی مرحوم نے کہا کہ میں دیکھوں گا غرض احباب کی زبردستی سے وہ کتاب چھپی۔
> (۱۴ اگست ۱۹۴۰ء)

مولانا حمیدالدین فراہی صاحب نے نہ محض مسودہ کاتب کو دلوایا بلکہ اپنی گرہ سے پچاس روپے بھی دیئے تاکہ کتاب کے چھپنے میں مزید رکاوٹ نہ ہو۔

محولہ بالا خط سے پتہ چلتا ہے کہ شرعتہ الحق اور منہاج الحق چالیس سال پہلے یعنی قریباً ۱۹۰۰ء کے لگ بھگ ضبط تحریر میں آئی تھیں۔ انیسویں صدی کا ورق الٹا جا رہا تھا۔ تاریخ کے اس نہ بھولنے والے ورق کی تحریر کا بیشتر حصہ خون مسلم کی سرخ روشنائی سے لکھا گیا تھا۔ اس صدی کے آخری حصہ نے ممالک اسلامیہ کو سکرات الموت تک پہنچا دیا۔ ہندوستان میں مسلمانوں کا سیاسی مرکز' نام نہاد مغلیہ سلطنت کی شکل میں جیسا کیسا باقی رہ گیا تھا وہ مٹ چکا تھا۔ عالم اسلامی کا مرکز خلافت عثمانیہ تھی' وہ بھی دم توڑ رہی تھی۔ اسے نیست و نابود کرنے کا فریضہ انیسوی صدی نے بیسویں صدی

کے سپرد کیا۔ بیسویں صدی نے اس سرعت اور مستعدی سے اس سے سبکدوشی حاصل کی کہ اسے انیسویں کا ہی کارنامہ کہا جا سکتا ہے۔ ان پیہم صدمات سے مسلمانان عالم پر ہمہ گیر اضمحلال چھا گیا تھا۔ سیاسی شکستوں کے جلو میں ان کے علمی مراکز ختم ہو چکے تھے۔ اب ان کے پاس نہ حکومت تھی' نہ دولت' نہ علم۔ شکم خالی' قلب مردہ' دماغ تاریک' حال پریشاں' مستقبل پریشان تر۔ عالم اسلامی پر عمومی جمود تھا۔ کیا اس سین پر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے پردہ گر جائے گا؟ یا تاریخ ملت ابھی سنبھالا لے گی؟ یہ سنبھالا امر محال نظر آتا تھا۔ مسلمان سیاسی شکست سے ہی ہم کنار نہیں ہوئے تھے' وہ روح زماں کی رفاقت سے محروم ہو چکے تھے۔ وہ اپنے آپ کو ان قوئ سے ہم آہنگ نہ کر سکے تھے جنہیں انیسویں صدی نے جنم دیا تھا۔ یہ صدی سائنسی ایجادات کے اعتبار سے بے مثال ہے۔ تاریخ انسانی میں پہلی مرتبہ انسان نے قوائے فطرت کو مسخر کرنے کا راز دریافت کیا اور آثار پیدا ہوئے کہ ہر چند کائنات لامتناہی ہے اور علیٰ قدر تناسب انسان ذرہ ناچیز ہے' لیکن وہ رموز فطرت کی عقدہ کشائی کر کے ایک زندہ فعال اور ہدایت کار عامل بن سکتا ہے۔ انسان کا شعور خودی بیدار ہو رہا تھا۔ اس انقلاب عظیم میں انسانوں کے وہ گروہ جو بدستور ماضی میں رہ رہے تھے ماضی ہی کی آغوش میں رہ گئے۔

ہر چند ان زلزلوں سے کوہ و دشت سحاب کی مانند اڑتے دکھائی دے رہے تھے' لیکن تہ سے کچھ تازہ چشمے بھی ابلتے نظر آ رہے تھے۔ ہندوستان میں سرسید للکارا کہ یہ شکست و ریخت تعمیر نو کی نوید ہے۔ انیسویں صدی کی قوت تعمیر کا یہ پیکر تخریب و تعمیر کے دیرینہ روابط کا اندازہ کر کے اٹھ کھڑا ہوا۔ ضرورت نئی زمانی قوتوں سے ہم آہنگ ہونے کی تھی۔ لیکن نظر بہ ظاہر ان نئی قوتوں نے تو مسلمانوں کو پامال کیا تھا وہ اس سے کیسے ہم آہنگی کر سکتے تھے؟ نہیں' یہ ہم آہنگی ان اصول و قوانین سے ہونی تھی' تخریبی قوتیں جن کا ہنگامی مظہر تھیں۔ سرسید ایک ہی سہارا لے سکتا تھا اور اس کا وجدان اسے وہیں لے گیا۔ اس نے گرد آلود غلاف سے قرآن کو نکالا اور اس کا ایک ایک صفحہ کھول کر مسلمانوں کو دکھایا اور انہیں بتایا کہ اس کے ایک ایک لفظ میں زندگی کے کس قدر راز پوشیدہ ہیں۔ قرآن صدیوں سے مسلمانوں کے پاس تھا اور ہر وقت ان کے پاس رہا۔ کیا وہ واقعی انقلاب انگیز کتاب تھی؟ کیا وہ حیات انسانی کے اس اہم موڑ پر واقعی راہنمائی کر سکنے کی اہلیت رکھتی تھی؟ بے دین یورپ کے بڑھتے ہوئے سیلاب شوکت کے سامنے خس و خاشاک کی طرح بہنے والا مسلمان یہ کیسے یقین کر سکتا تھا؟

مسلمان صدیوں سے قرآن کو پس پشت ڈال چکے تھے۔ اب وہ بظاہر قرآن کا نام لیتے تھے اور درحقیقت احادیث و روایات مراد لیتے تھے۔ روایات نہ محض اساس دین بن چکی تھیں بلکہ وہ قرآن پر قاضی اور اس کی ناسخ قرار پا چکی تھیں۔ یہ عقیدہ اس قدر راسخ اور یہ ذہنیت اس قدر متشدد ہو چکی تھی کہ کسی کے ذہن میں خیال تک نہیں آ سکتا تھا کہ دین کی اساس تنہا قرآن پر رکھی جا سکتی ہے۔ مسلمان نہ محض ماضی ہی کو روایات کی عینک سے دیکھتے تھے بلکہ حال و

مستقبل کو بھی اسی میزان میں تولتے تھے۔ ان کے لئے سب کچھ مقدر ہو چکا تھا جس پر ''شکر'' اور ''صبر'' کرنا چاہئے۔ فکر سے عاری اور عمل سے بیگانہ ہو کر قومیں مات کھا جاتی ہیں اور یہی مسلمانوں کے ساتھ ہوا۔ وہ اسی خوش فہمی میں مبتلا رہا جس میں کبھی بنی اسرائیل رہ چکے تھے کہ لن تمسنا النار الا ایاماً معدودہ۔ یہ زندگی چند روزہ ہے' دوسری حیات جاوید دائمی جنت میں گزرے گی۔ انہیں جھنجھوڑنے اور حقائق زندگی سے متعارف کرانے کے لئے ضروری تھا کہ انہیں قرآن کی طرف دعوت دی جاتی' لیکن قرآن روایات کی بے شمار تہوں میں لپٹا ہوا تھا۔ کیا ان 'مقدس' تہوں کا تار و پود بکھر سکتا تھا؟ موج حیات بڑھ کر جب جوئے تند و تیز ہونے پر آئی تو پھر اس کی روانی اور جولانی کو کون روک سکتا تھا!

حافظ محبّ الحق اسی جذب اندروں کے مظہر تھے۔ آپ روایات کی پر پیچ و تار راہوں سے گزرتے ہوئے قرآن کے چشمۂ حیواں تک پہنچے اور دل کھول کر مسلمان کی تشنگی کا سامان بہم پہنچایا۔ آپ شرعۃ الحق کے ذیلی عنوان میں لکھتے ہیں:

> جس میں شریعت حقہ صرف قرآن مجید کی صریح آیتوں سے بیان کی گئی ہے اور یہ ثابت کر دیا گیا ہے کہ قرآن مجید مکمل اور مفصل ہے اور یہ بھی کہ خدائی کتاب انسانی رائے کی پابند و ماتحت نہیں ہے اور یہ بکمالہ اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی کا مظہر کامل ہے۔

غرض تصنیف بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

> ان دونوں کتابوں (شرعۃ الحق اور منہاج الحق) کا مخرج قرآن مجید ہے..... مجھے قرآن مجید ہی سے سمجھانا ہے اور میں سمجھاؤں گا..... میں جانتا ہوں کہ قوم حق بینی کی نگاہ نہ ڈالے گی..... وہ قرآن مجید کے مقابلہ میں بھی اپنی آبائی روش کی جاندادہ ہو کر کہ ماالفینا علیہ اباء نا مجھے برا بھلا کہے گی' اُمی محض کہے گی' تو کچھ بے جا اور برا نہ کہے گی.....اس کا یہ کہنا صحیح ہوگا' مگر اس کا یہ خیال صحیح نہ ہوگا کہ ایک جاہل اور امی نور حق کا مورد اور حق گو نہیں ہو سکا۔ مجھے جو کچھ بھی وہ کہے حق ہو سکتا ہے' مگر اس کا حق سے منہ موڑنا کبھی حق نہیں ہو سکتا۔ اگر وہ مجھے دیکھے گی تو ٹھوکریں کھائے گی اور اگر وہ حق کے آگے سر جھکائے گی تو نجات پائے گی۔

اس کتاب میں کئی مباحث ہیں۔ چند عنوانات سے کتاب کی نوعیت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

(۱) خداوند عالم نے سارے رسولوں کے ذریعہ ایک ہی صراط مستقیم کی ہدایت کی۔

(۲) کیا ہر دین ماسبق دین کا ناسخ ہے یا مصدق؟

(۳) کیا قرآن کی آیات ایک دوسرے کی ناسخ ہیں؟

(۴) دین الٰہی میں حکم خداوندی واجب التعمیل ہے یا کسی اور کا بھی؟

(۵) اگر اطاعت قرآن مجید کی فرض ہے تو اطاعت

رسولؐ کے کیا معنی؟

(۶) قرآن مجمل ہے یا مفصل، کامل ہے یا ناقص؟ محتاج تفسیر ہے یا نہیں؟

(۷) قرآن، تفسیر، حدیث، فقہ کی باہمی منزلتیں۔

اطاعت رسول کے معنی بیان کرتے ہوئے آپ اس عام عقیدہ کو زیر بحث لاتے ہیں کہ حدیث جزو دین ہے اور لکھتے ہیں:

> اگر اطیعوا الرسول کے یہ معنی ہوں تو خود آنحضرت صلعم پر، جو ہم پر ماں باپ سے زیادہ شفیق تھے، اپنے کل اقوال و افعال کو قرآن مجید کی طرح لکھوا جانا اور بذریعہ حفاظ اشاعت کرنا لازم ہو جائے گا تاکہ آپ کی امت اطیعوا الرسول کی نافرمان نہ ہو سکے۔ اگر قرطاس اسی لئے طلب فرماتے ہوں اور لکھوا نہ سکے، تو صحابہؓ، خلفاءؓ، اہل بیت اور کل مخلصین مسلمانوں کو فتوحات سے بڑھ کر ضروری اور لازم تھا کہ آپ کے اقوال و افعال کو جمع کر لیں اور آپ کے حرکات و سکنات کو قلم بند کر لیں..... تاکہ خود بھی اور سارے مسلمان بھی اطیعوا الرسول کے نافرمان نہ بن سکیں۔ مگر کسی نے جمع نہ کیا۔ اگر اطیعوا الرسول کے یہی معنی ہیں تو اس کا کوئی مطیع نہیں ملے گا کیونکہ آپ کی مقدس زندگی کے سارے اقوال و افعال اور حرکات و سکنات نہ پہلے کسی کو پہنچے ہوئے تھے اور نہ اب پہنچے ہوئے ہیں۔ تو پھر اطاعت رسول کس نے کی اور کون کر سکتا ہے؟ اگر اطاعت رسول کے یہ معنی ہوتے جو لوگ سمجھتے ہیں تو صحابہؓ اس سوال میں بے باک نہ ہوتے کہ یا رسولؐ اللہ یہ حکم آپ کا ہے یا خدا کا۔ اور ایسے حال میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کبھی زینبؓ کو طلاق نہ دیتے درآنحالیکہ نبی فرما رہے تھے امسک علیک زوجک۔ اپنی بیوی کو طلاق نہ دو۔

لہٰذا

> اطاعت سے مراد رسالت یعنی قرآن کے ہیں۔ یہی اطاعت خدا کے بھیجے ہوئے اور رسولؐ کے لائے ہوئے قرآن کی ہے، اور یہی ایک اطاعت دونوں کی اطاعت ہے۔ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ۔

حافظ صاحب کی علمی تحقیقات اور تصنیفی مساعی کا نکتہ ماسکہ قرآن تھا۔ آپ نے جو کچھ لکھا وہ اپنی فہم کے مطابق قرآن ہی سے اخذ کیا۔ وہ اس مقصد کا اتنا قوی احساس رکھتے ہیں کہ قدم قدم پر قارئین کو یاد دلاتے ہیں۔ وہ قرآن میں کسی قسم کی آمیزش کے روادار نہیں۔ چنانچہ ایک بحث کے خاتمہ پر لکھتے ہیں:

> چونکہ یہ میری تحقیق ہے، یعنی ایک انسانی تحقیق ہے جس میں غلطی ہو سکتی ہے، تو اس کی تحقیق مصطلحات سے، محاورات عرب سے، مذہبی تاریخ یعنی حدیث سے، یا اعمال قوم سے جس طرح چاہو کر سکتے ہو۔ مگر وہ ماخذ اسناد کی جگہ ہماری جہالت اور لاعلمی دور کرنے والے ہو سکتے ہیں، داخل دین ہو کر دین اللہ

نہیں ہو سکتے' نہ قرآن مجید کی قطعیت چھین سکتے ہیں.....اگر میری تحقیق سے اتفاق نہ ہو تو آپ تحقیق کرو.....تحقیق کو میں منع نہیں کرتا.....مگر خدا کے لئے قرآن کو مجمل نہ کہو کہ یہ قرآن مجید کے خلاف ہے۔

کتاب کے خاتمہ پر مختصر سی مناجات ہے۔ عام مسلمانوں کے لئے معافی اور بخشش طلب کرنے کے بعد اپنے متعلق کہتے ہیں:

اے خدا! میری ازلی تمنا ہے کہ پرسش اعمال کے دن ہمارا نامۂ اعمال قرآن مجید ہی نکلے' اس کی شریعت کامل بھی اور اس کی روحانیت اتم بھی۔ اپنی بساط سے باہر آرزو لے کر آیا ہوں' لیکن اے خدا' مجھے نہ دیکھ' اپنے کو دیکھ۔ تو وہ کر جو تیری خدائی کے شایاں ہو' اور تیری عظمت وجلالت کے سزاوار..... تاکہ رسول معصوم صلی اللہ علیہ وسلم کی فریاد میں میرا نام نہ ہو جس وقت خود بدولت کی یہ فریاد ہو گی:

وقال الرسول یارب ان قومی اتخذوا ھذا القرآن مھجورا۔

قرآن کی طرف یہ بے باک دعوت اور قرآن اور حدیث کے باہمی تعلق کا یوں صاف صاف اور ٹھیک ٹھیک تعین مذہبی حلقوں میں تہلکہ مچا دینے کے لئے کافی تھا۔ حیدر آباد (دکن) کے 'مذہبی' امور کے افسر اعلیٰ ان دنوں حبیب الرحمٰن شیروانی تھے۔ انہوں نے اس کتاب کو گمراہی پھیلانے والی کتاب قرار دیا اور حیدر آباد سے حافظ صاحب کو جو وظیفہ ملتا تھا وہ بند کرا دیا۔ نیز انہوں نے کسی مولوی صاحب سے کچھ اعتراضات لکھوائے اور حافظ صاحب کی طرف بھجوائے کہ وہ ان کا جواب دیں۔ حافظ صاحب نے انہیں لکھا کہ:

آپ ایک جلسہ قائم کر کے علماء کو بلا لیں تو میں ان سے اس پر بحث کرنے کے لئے تیار ہوں مگر اسی شرط پر کہ قرآن سے اعراض نہ ہو۔

کون مولوی اس شرط کو منظور کر سکتا تھا! خیر' نظام نے حافظ صاحب کا موقوف شدہ وظیفہ از سر نو جاری کر دیا۔

خود حافظ صاحب نے اس مخالفت کی طرف اس انداز سے اشارہ کیا ہے جو متانت اور لطافت کا حسین امتزاج ہے۔ اپنی آخری کتاب ''بلاغ الحق'' میں ''عرض حال'' کے تحت لکھتے ہیں:

اس کا لازمی نتیجہ یہ تھا کہ شاخسانے کھڑے کئے جائیں' وہ کھڑے کئے گئے۔ کسی کسی نے الٹ پلٹ کر کچھ دیکھا بھی تو بری نگاہ سے۔ کسی نے کہا کہ یہ اہل قرآن ہو گئے' قرآن ہی سے لکھتے ہیں' حدیث سے نہیں' اقوال علماء سے نہیں' تو ان کے کفر میں کیا کلام رہا۔ کسی نے کہا کہ منہاج الحق میں رقص مستانہ اور رسوم خانوادہ کی حمایت نہیں ملتی تو ان کے منکر خانقاہ اور کافر ہونے میں کونسی تامل کی جگہ باقی رہی.....کسی نے کہا کہ جس گھر میں یہ کتاب رہے وہ کافر کا گھر ہے۔ پوچھا گیا کہ آپ نے پڑھی بھی' فرمانے لگے پڑھی تو نہیں' اور پڑھنے کی ضرورت بھی نہیں۔ کہنے والوں نے کہا' سننے والوں نے سنا۔

جو میں نے سنا وہ اک معتبر حضرت سے سنا ہے جو میرے عقیدہ میں ثقہ ہے۔

روایت پرستوں کے نزدیک کسی روایت کی صحت کا دارومدار مفروضہ راوی کی مزعومہ ثقاہت پر ہے۔ ثقاہت کا کوئی مطلق معیار نہیں۔ چنانچہ حافظ صاحب آگے چل کر لکھتے ہیں:

جیسے کسی کے مرنے کی خبر مشہور ہوئی۔ ملاقات میں ان کے دوست نے پوچھا کہ بھئی میں نے تمہارے مرنے کی خبر سنی' سخت صدمہ ہوا۔ وہ فرمانے لگے کہ بالکل غلط ہے' دیکھ لو میں مجسم موجود ہوں۔ ان کے دوست نے کہا کہ میں نے ایک مولوی صاحب سے سنا اور وہ آپ سے زیادہ ثقہ ہیں۔

اب ایک ''ثقہ'' مولوی صاحب کی روایت کے مقابلہ میں متعلقہ شخص کا مجسم موجود ہونا اس بات کا کیسے ثبوت ہوسکتا ہے کہ مولوی صاحب کی روایت غلط ہے اور وہ مرنہیں گیا؟ لہٰذا ثابت ہوا کہ وہ شخص جو اپنے مرنے کی خبر کی خود تردید کر رہا ہے کذاب ہے!

''بلاغ الحق'' حافظ صاحب کی آخری کتاب ہے۔ کتاب میں کہیں سن اشاعت نہیں دیا گیا۔ اس کتاب میں حدیث کی ظنیت کے مقابلہ میں قرآن کی قطعیت ثابت کی گئی ہے اور عبادات اور معاملات پر بھی کافی بحث کی گئی ہے۔ اس کتاب میں ان کے دلائل میں پختگی آ گئی ہے اور ان کا قرآن کی قطعیت پر ایمان مستحکم تر اور متشدد تر ہو گیا ہے۔ لیکن آپ کے انداز تحریر میں اس قدر توازن ہے کہ باوجود شدت تاثر کہیں جادۂ اعتدال سے منحرف نہیں ہوتے۔ مخالفین کی ایک ایک دلیل کو قرآن ۔۔ اور خود حدیث ۔۔ سے رد کرتے ہیں اور کسی بحث کو تشنہ نہیں چھوڑتے۔ وہ مخالفین کی مخالفت سے بالکل برہم نہیں ہوتے اور بدلائل ان کا جواب دیتے ہیں۔ اپنے متعلق انکا ہمیشہ یہی دعویٰ ہے کہ میں نے قرآن اور صرف قرآن پیش کیا ہے۔ قارئین کو مصنف سے اختلاف ہوسکتا ہے لیکن قرآن سے تو نہیں ہوسکتا۔ لہٰذا وہ ہر ایک کو یہی مشورہ دیتے ہیں کہ مجھ پر نکتہ چینی کرو' میری عیب جوئی کرو' لیکن قرآن کو نہ ٹھکراؤ۔ خود اس میں تفکر اور تدبر سے کام لو اور مجھے نظر انداز کر دو۔

☆☆☆

حافظ صاحب کی صحت بہ تقاضائے عمر برسوں سے خراب چلی آ رہی تھی۔ ۱۷ ستمبر ۱۹۴۰ء کے تحریر کردہ خط میں آپ نے پرویز صاحب کو لکھا:

اس ناسازیٔ طبع نے یہ سمجھا دیا کہ اب تصنیف یا تحریر کا وقت گذر گیا۔ کچھ لکھنا چاہتا تھا مگر ضعف سے سر میں چکر' ایسے حال میں کیا لکھوں۔ بیاسی برس کا سن ہوا' قویٰ جواب دے رہے ہیں۔ دوا کیا کام کرے گی۔ سوکھے درخت میں پانی ڈالنے سے کچھ نہیں ہو گا غالب خوب کہہ گیا ہے۔

دم واپسیں برسرِ راہ ہے
عزیزو اب اللہ ہی اللہ ہے

اس کے باوجود آپ نے طلوع اسلام کی طرف ایک تحریر بھیجی جسے آپ نے بخار اور بخار کے ضعف کے باوجود لکھا لیکن آپ میں نظر ثانی کی ہمت نہ تھی۔ اس سے پیشتر ایک خط میں

جو ۲۱ اگست ۱۹۴۰ء کا لکھا ہوا ہے' آپ نے اپنی جسمانی کیفیت کو مجملاً بیان کیا اور اپنے آپ کو ''مردہ نما زندہ'' کہا لیکن اندرونی کیفیت اس پر بھی یہ تھی کہ:

ہمت کہتی ہے کہ چل' پیری کہتی ہے کہ اب وہ دن گئے' پیچھے نہ دیکھ' آگے دیکھ۔

ان کی ہمت پیری سے برسر پیکار رہی اور آخر دم تک ان کا ساتھ دیا۔

تقسیم ہند کے بعد آپ پاکستان تشریف لے آئے اور وفات تک یہیں کراچی میں مقیم رہے اور بالآخر یہیں مدفون ہوئے۔ ان کے معتقدین ان کی خدمت میں حاضر ہوتے اور گفتگو ہمیشہ قرآن ہی سے متعلق ہوتی۔ آپ نے جب پرویز صاحب سے سنا کہ معارف القرآن (جلد چہارم) کا مسودہ تیار ہو چکا ہے اور عنقریب شائع ہو جائے گا تو آپ نے فرمایا کہ اب میں اللہ میاں کے ہاں سے Extension (عمر میں توسیع) پر ہوں۔ پہلے درخواست کی تھی کہ معارف القرآن کی دوسری اور تیسری جلد دیکھ لوں' وہ منظور ہو گئی تو اب جلد چہارم تک کی توسیع کے لئے پھر گذارش کیا ہے۔ لہٰذا اس کی تکمیل طباعت میں جلدی کرو۔ میری بینائی کا تھوڑا سا حصہ جو باقی رہ گیا ہے اسے میں نے اس کتاب کے لئے محفوظ رکھ چھوڑا ہے۔ اللہ نے ان کی یہ درخواست بھی منظور کر لی اور انہوں نے اپنی زندگی کے آخری ایام معراج انسانیت کا ایک ایک لفظ پڑھنے میں صرف فرمائے۔

۱۹۴۱ء میں جب معارف القرآن کی پہلی جلد شائع ہوئی اور پرویز صاحب نے ایک نسخہ آپ کی خدمت میں روانہ کیا تو آپ نے رسید کے خط میں تحریر فرمایا:

جہاں تک کتاب کو دیکھا اس سے تو معلوم ہوتا ہے کہ جس طرح عکسی قرآن چھپنا شروع ہوا ہے' آپ نے میری عقیدت اور خیالات کا عکسی مرقع شائع فرمایا ہے۔ اس قدر اتحاد خیالات بھی کیا حیرت انگیز نہیں ہے۔ اب ان کی تعریف کرنا اپنی تعریف کرنا ہے۔ اور لا تزکوا انفسکم کے احاطہ کے اندر ممنوع ہے۔ (۲۶ ستمبر ۱۹۴۱ء)

کراچی میں پرویز صاحب اور ادارہ طلوع اسلام کے اراکین سے ملاقات میں آپ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ میں نے جب دعوت الی القرآن کی ابتدا کی ہے تو ہمیشہ یہ خیال دامن گیر رہا کرتا تھا کہ نہ معلوم یہ آواز یہیں ختم ہو جائے گی یا اس دیئے سے آگے دیا بھی جلے گا۔ اللہ نے میری آواز سن لی میری زندگی ہی میں یہ دعوت عام بھی ہوئی اور (پرویز صاحب کی طرف دیکھ کر مسکرا کر فرمایا) اب اس کی بھی تسلی ہو گئی کہ یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ اب میں اطمینان کی موت مروں گا۔

گذشتہ صدی کے آخر میں جب اس مرد مومن نے رجعت الی القرآن کی دعوت دی ہو گی تو اس وقت یہ دعوت کس قدر غیر مانوس اور ناآشنائے گوش ثابت ہوئی ہو گی' اور آج اس مرد مومن کی مسرتوں کا کیا ٹھکانہ ہو گا جس نے اپنی دعوت کو اپنی زندگی میں یوں عام دیکھ لیا۔ کتنی کامیاب ہے زندگی اور کتنی قابل رشک ہے یہ موت!

حافظ صاحب کی صحت برسوں سے خراب تھی۔ کراچی میں ان کی حالت اور خراب ہوگئی۔ وہ چلنے پھرنے سے معذور تھے۔ اس کے باوجود ۱۹ جون ۱۹۴۹ء کی صبح کو آپ یک لخت پرویز صاحب کے مکان پر تشریف لے گئے۔ بقول پرویز صاحب ان کا ''ظلمت کدہ قرآن کے نور سے وادی ایمن بن گیا۔'' پرویز صاحب نے جب اس زحمت کی وجہ دریافت کی اور کہا کہ مجھے اطلاع دی ہوتی تو میں خود حاضر ہو جاتا۔ تو اس پر آپ نے فرمایا کہ کئی دنوں سے یہ کھٹک پیدا ہو رہی تھی کہ ایک خادم قرآن کے پاس چل کر جانے کے ثواب سے کہیں محروم ہی نہ رہ جاؤں۔ آج یہ آرزو پوری ہوگئی۔

یہ کیفیت اسی مرد مومن کی ہوسکتی ہے جس کی عمر قرآن میں تدبر اور اس کی تبلیغ میں گزری ہو اور اس کی زندہ تفسیر کہ قل ان صلاتی و نسکی و محیای ومماتی للہ رب العالمین۔

طلوع اسلام میں ''اسباب زوال امت'' سے متعلق سلسلہ گفتگو کا آغاز ہوا تو موضوع کی اہمیت کے پیش نظر حافظ صاحب نے بھی اس بحث میں حصہ لیا اور اپنے گراں قدر خیالات پیش کئے۔ ان کا مضمون اگست ۱۹۴۹ء کے طلوع اسلام میں شائع ہوا۔ آپ نے وہ مضمون' اسطرح تحریر فرمایا کہ ضعف بصارت کے باعث اپنے لکھے کو پڑھ نہیں سکتے تھے۔ کاغذ اور قلم لے کر لکھنا شروع کر دیا اور بلا دیکھے اپنے خیالات تحریر فرماتے چلے گئے۔

☆☆☆

مسلسل عوارض اور تقسیم ہند کے ضمنی عواقب کی وجہ سے حافظ صاحب مغفور روز بروز کمزور ہوتے چلے جا رہے تھے۔ شروع مئی ۱۹۵۰ء میں وہ لاہور تشریف لے جانے پر آمادہ ہو گئے کیونکہ خیال یہ تھا کہ وہاں کی آب و ہوا ان کی صحت پر اچھا اثر کرے گی۔ ان سے جب لاہور کا ذکر آتا تو فرماتے کہ وہاں عرشی صاحب کی قرآنی جماعت ہے' ان سے قرآن پر باتیں ہوا کریں گی۔ ۲۷ مئی کو روانگی کا خیال تھا اور تیاریاں ہو رہی تھیں کہ ان کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی اور پھر سنبھل نہ سکی۔ چنانچہ ۲۵۔۲۶ مئی ۱۹۵۰ء کی درمیانی شب کو رحلت فرما گئے۔ فھو فی عیشۃ الراضیہ۔

☆☆☆

حافظ صاحب کے استغراق فی القرآن کا اندازہ کچھ وہی لوگ لگا سکتے ہیں جنہوں نے ان کی تصانیف کا مطالعہ کیا ہے یا وہ خوش نصیب جنہیں ان سے شرف ملاقات حاصل ہوا ہے۔ ہر چند حافظ صاحب کی عمر انیسویں اور بیسویں دونوں صدیوں پر برابر کی تقسیم ہوگئی تھی بلکہ ایک لحاظ سے انہوں نے بیسویں صدی کو کہیں زیادہ دیکھا کیونکہ ذہنی پختگی کا زیادہ حصہ اسی صدی میں گذرا لیکن وہ درحقیقت انیسویں صدی ہی کے مظہر اور نمائندہ تھے۔ انیسویں صدی میں حافظ صاحب ہراول تھے اس عظیم تحریک (رجعت الی القرآن) کے جو بیسویں صدی میں مسلمانوں کے فکری انقلاب کا باعث بنی۔

ہمیں افسوس ہے کہ حافظ صاحب کے حالات

زندگی زیادہ تفصیل سے مہیا نہیں کئے جا سکے۔ اس کے ذمہ دار آپ خود ہیں۔ آخری ایام میں ملک غلام کبریا صاحب (امت مسلمہ والے) ان کی خدمت میں حاضر ہوئے اور چیدہ چیدہ واقعات زندگی لکھوانے کے لئے اصرار کیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ ایک قصۂ پارینہ ہے۔ ایک گنہگار انسان ہوں اور ابھی تک جیتا ہوں' اور تمہارے سامنے ہوں' دیکھ لو۔ لکھنے کی کیا ضرورت ہے۔ حافظ صاحب نے اس قصہ پارینہ کی کڑیاں قصداً گم کیں۔ مثلاً ایک مرتبہ آپ نے اپنے صاحبزادوں کو بلایا اور ان سے کہا کہ میرے جو خطوط تمہارے پاس ہیں وہ لے آئیو۔ جب سب خطوط ان کی خدمت میں پیش کر دیئے گئے تو آپ نے ایک ایک کر کے ان کو تلف کر دیا۔ ان خطوط سے ان کے متعلق بیش قیمت معلومات مل سکتی تھیں لیکن انہوں نے ان کا نشان تک باقی نہ چھوڑا۔ یہ چند واقعات جو پیش کئے گئے بہت حد تک ملک غلام کبریا صاحب نے جمع کئے۔

☆☆☆

سطور بالا سے شمس العلماء سید حافظ محبّ الحق صاحب کی عظمت کا کچھ اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس دور میں اصحاب علم کو کون پوچھتا ہے؟ ملت کو ان کی احتیاج نہیں! یہ چند سطور لکھ کر حافظ صاحب کا ذکر اسلئے کر دیا گیا ہے کہ آئندہ نسلیں اگر زندگی کی اساس قرآن کو بنائیں تو وہ داعیان الی القرآن کے مبارک سلسلہ کی مختلف کڑیوں سے ناواقف نہ ہوں!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مُغتنمات

(بہ سلسلۂ اسباب زوال امت)

(شمس العُلماء حافظ سید محبّ الحق صاحب مدظلہٗ العالی)

مخدوم ومکرم جناب حافظ صاحب قبلہ کا تذکرۂ گرامی، محترم پرویز صاحب کی وساطت سے، طلوع اسلام کی سابقہ اشاعت میں زینت دہِ اوراق ہو چکا ہے۔ جیسا کہ پرویز صاحب نے تحریر فرمایا تھا، قبلہ حافظ صاحب کی عمر قریب سو سال کی ہوگی۔ بینائی کا یہ عالم ہے کہ بمشکل حروف پڑھ سکتے ہیں۔ بایں ہمہ ''اسباب زوال امت'' کے سوال کی اہمیت کے پیش نظر قبلہ حافظ صاحب نے اپنے خیالات اس طرح زیب قرطاس فرمائے ہیں کہ جو کچھ وہ لکھ رہے تھے، اسے خود پڑھ نہیں سکتے تھے۔ یعنی بلا دیکھے اپنے خیالات تحریر فرماتے چلے گئے۔ اب یہ تحریر آپ نے طلوع اسلام کو بغرض اشاعت مرحمت فرمائی ہے۔ جس پر طلوع اسلام جس قدر بھی فخر کرے کم ہے۔ یہ طلوع اسلام کی خوش بختی ہے کہ جناب حافظ صاحب کی سابقہ تحریریں ۱۹۴۰-۴۱ء میں بھی یہیں شائع ہوئیں اور ان کے بعد اب یہ تحریر بھی اسی کے حصہ میں آئی۔ وذالک فضل اللہ یوتیہ من یشآء۔

(طلوع اسلام)

سوال یہ ہے کہ جب مسلمان حق پر ہیں تو ایسے برے حال میں کیوں ہیں؟ یہود و نصاریٰ سے بھی بدتر۔ یہاں تک کہ ہندوؤں سے بھی ہر چیز میں کہیں فروتر۔

(قبلہ حافظ صاحب کی کتاب دعوت الحق میں ایک طالب آپ سے سوالات پوچھتا ہے اور آپ اس کے جوابات دیتے ہیں۔ وہ اسلام کی حقانیت سے متاثر ہونے کے بعد مندرجہ بالا سوال پوچھتا ہے۔ یعنی حافظ صاحب، طلوع اسلام میں شائع شدہ سوال کو اسی طالب کے سوال کی آخری کڑی قرار دیتے ہیں۔ طلوع اسلام)

ہاں یہ اعتراض صحیح ہے، اس کا جواب ذرا توجہ سے سنئے۔

خدا نے بندوں کا برا حال دیکھ کر پیغمبروں کے بھیجنے کا سلسلہ شروع کیا ہر قوم میں پیغمبر آئے۔ خدا کا پیغام لائے یعنی کتاب اللہ لائے۔ اسے قوم کو دیا۔ اور اس پر خود عمل کر کے انہیں بتایا۔ قوم نے ترقی کی۔ مختلف اقوام میں سے ہر ایک قوم کو اصول کے اعتبار سے ایک ہی کتاب مختلف زبانوں میں ملتی رہی تھی۔ ہر کتاب ایک دوسرے کی مصدق۔ کیونکہ ہر ایک کتاب قانون فطرت کے مطابق تھی۔

خدا کی شان سے یہ بہت بعید تھا کہ فطرت تو کچھ اور بناتا اور حکم کچھ اور دیتا۔ سب پیغمبروں کی کتابیں جب ان کی قومیں ضائع کرتی گئیں تو آخر میں ایک پیغمبر ساری دنیا کے لئے آیا۔ چونکہ اس کے بعد کسی اور پیغمبر کی ضرورت نہ تھی اس لئے رسالت کا سلسلہ ختم کر دیا گیا۔ اب اس کی ضرورت تھی کہ اس کتاب کو جو اللہ نے اس پر وحی کی تھی' محفوظ رکھا جاتا اس کی حفاظت خدا نے اپنے ذمہ لی۔ چنانچہ دیکھ لو۔ وہ اب تک خدا کی حفاظت میں ہے۔ یہی اسلام اگلی کتابوں میں تھا۔ وانہ لفی زبر الا ولین (شعراء) ''یقیناً قرآن پہلی کتابوں میں بھی تھا۔'' چنانچہ تمام کتب سابقہ ایک دوسرے کی مصدق تھیں اور وہ اب قرآن میں آ گئیں اس لئے قرآن ان سب کا مھیمن (محافظ) ٹھہرا۔ اس لئے ہمیں حکم دیا کہ سب پیغمبروں اور ان کی تمام کتابوں پر ایمان لاؤ' قرآن پر ایمان' ان سب پر ایمان کو اپنی اندر لے آتا ہے۔ خدا ایک۔ رسول سب برحق۔ کتابیں سب ایک دوسرے کی مصدق کیونکہ سب فطرت کے مطابق تھیں اور فطرت غیر متغیر ہے۔ لا تبدیل لخلق اللہ۔ اسی طرح لا تبدیل لکلمت اللہ۔

جس طرح ساری قوموں نے اول اول اصل کتاب اللہ پر عمل کیا اور اس سے دین اور دنیا کی کامیابی حاصل کی۔ رفتہ رفتہ دنیا کا خیال دین پر غالب آنے لگا تو انہوں نے کتاب اللہ کو ضائع کرنا شروع کر دیا اور اس کی جگہ بنائی ہوئی باتوں پر عمل پیرا ہو گئے۔ آہستہ آہستہ کتاب اللہ کی جگہ ان ہی باتوں نے لے لی۔ باتوں کو حدیثیں کہتے ہیں۔ تورات و انجیل کو اٹھا کر دیکھو۔ کہیں خدا کا قول نہیں ملے گا۔ ہر جگہ یہی ملے گا کہ رسول نے یہ کہا۔ نبی نے یہ فرمایا۔ یوں ان کی کتابیں ضائع ہو گئیں۔

مسلمانوں کا جب تک قرآن پر عمل دخل رہا' کامیابی نے پرچم لہرایا۔ سلطنت نے عروج پکڑا۔ یہ عروج ایسا محکم تھا کہ قرآن چھوڑنے کے بعد بھی ایک عرصہ تک اس کے اثرات باقی رہے۔ اس کے بعد سلطنت نے دین کو دنیا سے الگ کر دیا۔ دنیا کا خیال دین پر غالب آیا۔ اس کے لئے قرآن پیچھے ڈالا گیا اور جس طرح یہ پچھلی امتوں نے حدیثیں بنائی تھیں' انہوں نے بھی یہی کچھ کرنا شروع کر دیا۔ اب جو جج اور قاضی مقرر ہوتے تھے ان کی تقرری کا معیار' حدیث دانی ہوتا تھا۔ اب عزت و تکریم قرآن جاننے والوں کے لئے نہیں بلکہ حدیث جاننے والوں کے لئے تھی۔ موضوعی حدیثوں کا دروازہ کھل گیا۔ خدا نے حکم دیا تھا فاحکم بینھم بما انزل اللہ (جو کچھ اللہ نے نازل کیا ہے اس کے مطابق فیصلے کرو' اور فانما یسرنا بلسانک لبشربہ المتقین وتنذربہ قوما لدا (مریم) ''سو ہم نے اس قرآن کو تیری زبان میں آسان کیا ہے تاکہ تو متقیوں کو اسکے ذریعے بشارت دے اور جھگڑالو قوم کو اس کے ذریعے ڈرائے۔'' یعنی فیصلے بھی مااانزل اللہ (قرآن) کے مطابق ہونے تھے اور تبشیر و تنذیر بھی اسی کے ذریعے۔ لیکن قوم نے کیا کیا۔ اسے بھی سنئے۔

خدا کا فرمان تھا کہ اے رسول ان سے کہہ دے

کہ اوحی الا ھذا القرآن لا نذرکم بہ ومن بلغ (انعام)'' یہ قرآن میری طرف وحی کیا گیا تھا تا کہ میں تمہیں بھی اس سے ڈراؤں اور اسے بھی جس تک یہ پہنچے۔'' یعنی جو کچھ خدا نے وحی کیا وہ سب قرآن میں تھا۔ قرآن سے باہر وحی کہیں نہ تھی۔ لیکن قوم نے کہا کہ یہ غلط ہے۔ ایک وحی جلی ہے جو قرآن میں ہے اور ایک وحی خفی ہے جو حدیث ہے۔ خدا نے قرآن کی تبلیغ کا حکم دیا لیکن قوم نے کہا کہ نہیں جبریل (معاذ اللہ) حضورؐ کے کان میں کہہ جاتے تھے کہ جو کچھ قرآن میں وحی کیا گیا ہے وہ غلط ہے۔ تم یوں حکم دو۔ مثلاً خدا نے وصیت کا حکم دیا ''للوالدین والاقربون'' جبریل نے کہا کہ یہ دکھلاوے کا حکم ہے۔ اصل حکم یہ ہے لا وصیۃ لوارث (وارث کے لئے کوئی حکم نہیں)۔ یعنی خدا نے وصیت کا حکم دیا۔ اس کی تاکید کی اور جو وصیت نہ کر سکے اس کی طرف سے خود وصیت کر دی (وصیۃ من اللہ) لیکن آیت وصیت کو حدیث نے منسوخ کر دیا۔ اور اسے ترکہ کی آیت فرض کر کے ترکہ کی تقسیم شروع کر دی۔ اور محجوب وغیرہ کا قصہ کھڑا کر دیا۔ اسی طرح قرآن نے کہا تھا کہ زنا کی سزا سو درے ہیں۔ لیکن قوم نے حدیث گھڑی اور کہہ دیا کہ زنا کی سزا سنگسار ہے۔ حالانکہ سنگسار کا حکم قرآن میں کہیں بھی نہیں۔ یہ صریح قرآن کی تحریف اور رسول پر اتہام ہے۔ غرضیکہ کہاں تک لکھا جائے۔ قرآن کا کوئی حکم اور کوئی تبشیر و تنذیر نہیں جو حدیث سے متاثر نہ کر دی گئی ہو۔

وحی خفی کو فرض کر کے حدیثوں کو رسول اللہ کی طرف منسوب کیا اور اس طرح آپ کو متہم کر دیا۔ یہ پہلی بدعت تھی جو دین میں داخل کی گئی۔ اسی سے سب فرقے بنے۔ شیعہ، سنی، مقلد، غیر مقلد، شافعی، حنفی، مالکی، حنبلی اور علیٰ ھذا کس قدر فرقے نکلنے شروع ہو گئے۔ یہ سب فرقے حدیث کی وجہ سے نکلے اور مسلمان شرکوں میں داخل ہو گئے، کہ قرآن کا حکم ہے کہ

> ولا تکونوا من المشرکین۔ من الذین فرقوا دینھم وکانوا شیعاً کل حزب بما لدیھم فرحون۔
>
> ''دیکھنا! تم نے مشرکین میں سے نہ ہو جانا۔ یعنی ان لوگوں میں سے جنہوں نے دین میں فرقے پیدا کر دیئے اور خود بھی ایک فرقہ بن کر بیٹھ گئے۔ چنانچہ پھر حالت یہ ہوگئی کہ ہر فرقہ اپنے مسلک پر مگن ہو کر بیٹھ گیا۔

یوں آخری اسلام میں بھی پھوٹ پڑ گئی اور پھوٹ خدا کا عذاب ہے۔ بل ھو قادر علیٰ ان یبعث علیکم عذاباً من فوقکم اومن تحت ارجلکم اویلبسکم شیعا و یذیق بعضکم بأس بعض (انعام) ''خدا اس پر قادر ہے کہ تم پر تمہارے اوپر سے عذاب بھیجے یا تمہارے پاؤں کے نیچے سے۔ یا ایسا کرے کہ تم گروہ گروہ ہو کر آپس میں لڑ پڑو اور ایک (گروہ) دوسرے (گروہ) کی شدت کا مزہ چکھے'' مسلمانوں نے اس پھوٹ کا خوب مزہ چکھا ہے اور بغداد کی تباہی کے بعد یہ عذاب شدید ترین شکل میں ان پر مسلط ہو چکا

ہے۔ یہ ہے راز مسلمانوں کی تباہی کا۔قرآن سے منہ موڑ کر اگر ذلیل نہ ہوتے تو اور کیا ہوتا۔انہوں نے قرآن کو چھوڑا تو باقی رسومات رہ گئیں۔انہوں نے کہا کہ رسومات کو محکم طور پر قائم رکھو۔بس یہی مذہب ہے۔فقط اتنا یاد رکھو کہ فلاں چیز سنت ہے۔فلاں مکروہ ہے۔فلاں واجب ہے۔قرآن ان اصطلاحوں سے بے بنیاد ہے۔قرآن میں جس چیز کے کرنے کا حکم ہے وہ فرض ہے اور بس۔قرآن اصلاحات سکھانے اور رسومات کا پابند بنانے نہیں آیا تھا۔وہ آیا تھا مسلمانوں میں جذبۂ جہاد بیدار کرنے کے لئے۔قل ان کان اٰبائکم وابناء کم..... قوم الفاسقین (توبہ) ان سے کہہ دو کہ اگر تمہارے باپ اور تمہارے بیٹے اور تمہارے بھائی اور تمہاری بیویاں اور تمہارے خاندان کے لوگ اور مال جو تم کماتے ہو اور تجارت جس کے مندا پڑ جانے پر تم ڈرتے ہو اور مکان جن کو تم پسند کرتے ہو۔ تمہارے نزدیک اللہ اور اس کے رسول اور اس کی راہ میں جہاد سے زیادہ محبوب ہیں تو انتظار کرو یہاں تک کہ اللہ اپنا حکم لے آئے۔اور اللہ نافرمان لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا'' مسلمان جب تک قرآن کے متبع تھے' جہاد ان کے نزدیک سب سے بڑا فریضہ تھا۔جب جہاد سے دل چرانے لگے تو پھر قرآن کے بجائے حدیثیں جمع کرنی شروع کر دیں جن میں ذرا ذرا سی بات پر ثواب کے پہاڑ مل جانے کی ''بشارتیں'' لکھ دی گئیں۔ خدا نے قرآن کے متعلق فرمایا تھا کہ فبذالک فلیفرحوا ھو خیرا مما یجمعون ''اسی قرآن سے زندگی کی شادمانیاں حاصل کرو۔یہ ان چیزوں سے بہتر ہے جنہیں تم جمع کرتے پھرتے ہو' لوگوں نے اس کو یوں مذبوح کہا کہ قرآن ان خزانوں سے بہتر ہے جنہیں تم جمع کرتے ہو۔لیکن تقابل ہمیشہ ہم جنس میں ہوتا ہے۔اگر میں کہوں کہ چاند تارے میری کتاب سے بہتر ہے جنہیں تم یہ بات بے معنی ہوگی۔لوگوں نے حدیثیں جمع کرنا شروع کر دی تھیں۔اس کو خدا نے منع فرمایا۔اور خدا کے رسول نے بھی منع فرمایا اور صاف کہہ دیا کہ لا تکتبوا عنی سوی القراٰن ومن کتب عنی شیئاً فلیمھا۔ (مجھ سے قرآن کے سوا اور کچھ نہ لکھو۔جس نے قرآن کے علاوہ مجھ سے کچھ اور لکھ لیا ہے اسے مٹا ڈالے) اسی کے اتباع میں خلیفہ اول نے لوگوں سے فرمایا کہ تم ان قوموں کو جانتے ہو جنہوں نے حدیثیں جمع کرنا شروع کر دیں اور کتاب اللہ کو ضائع کر دیا۔ دیکھو تورات اور انجیل اس پر شاہد ہیں۔اسی کی تعمیل میں خلیفہ ثانی نے فرمایا کہ حسبنا کتاب اللہ (ہمارے اللہ کی کتاب کافی ہے) اور حدیثیں بیان کرنے والوں کو مجرم قرار دیا اور جلاوطن اور نظر بند کر دیا۔مگر آخر میں زمانہ بدل گیا۔ بادشاہوں کی سطوت رنگ لائی۔ حدیث کو رسول کے نام کے ساتھ منسوب کر کے بدعت قائم کی اور اسے قرآن میں ضم کر دیا۔ بلکہ قرآن پر حکم قرار دے دیا۔اب مولوی۔ مشائخ۔امام بننے شروع ہو گئے۔حضرت ابوبکرؓ ' حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ ' حضرت علیؓ میں سے نہ کوئی مولوی تھا نہ مولانا۔ نہ امام نہ کچھ اور وہ سب مومن تھے اور خدا کے بندے۔خدا کا حکم تھا کہ اتبع ما اوحی الیک من

ربک (اے رسول جو کچھ تم پر خدا کی طرف سے وحی کیا جاتا ہے اس کی اتباع کرو)۔ آپ نے کماحقہٗ قرآن کی تعمیل فرمائی جس کی خدخدا نے شہادت دی۔ قل انما اتبع ما یوحی الی من ربی (ان سے کہہ دو کہ میں صرف اس کی اتباع کرتا ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے وحی ہوتی ہے)۔ یعنی رسول اللہ نے منادی کر دی کہ میرا عمل قرآن کے سوا اور کسی چیز پر نہیں ہے اس سے واضح ہے کہ جس چیز کو قرآن نے فرض قرار دیا ہے وہی رسول اللہ کی سنت تھی۔ سنت اور فرض دو الگ الگ چیزیں نہیں۔ قرآنی فرائض کے علاوہ سنت اور کچھ نہیں کہ رسول نے قرآن ہی پر عمل کیا تھا اور عمل رسول کو سنت کہتے ہیں۔ اسی لئے قرآن نے کہہ دیا کہ من یطع الرسول فقد اطاع اللہ (یعنی چونکہ رسول قرآن پر عمل کرتا ہے اس لئے جس نے رسول کی اتباع کی اس نے خدا کی اطاعت کی)۔ بات بالکل صاف ہے قرآن سے باہر سنت کی تلاش کے یہ معنی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (معاذ اللہ) زبان سے تو یہ کہتے تھے کہ میں صرف قرآن کی اتباع کرتا ہوں (انما اتبع ما یوحیٰ الیٰ من ربی) اور عملاً قرآن کے علاوہ کسی اور چیز کی بھی اتباع کرتے تھے جسے اب قرآن سے باہر سنت کہا جاتا ہے۔

ہمارا لکھنا آپ صاحبوں کو برا معلوم ہوگا۔ لیکن میں اب اگلی منزل سے بہت قریب ہوں اس لئے میں نے جو کچھ حق سمجھا اسے کھلے الفاظ میں کہہ دینا ضروری سمجھتا ہوں۔ آپ لوگوں نے قرآن کو چھوڑ دیا ہے اور خدا کو ایک دم بھول چکے ہو۔ میں یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اللہ اللہ ہے اور لا یشرک فی حلمہ احداً (وہ اپنے حکم میں کسی اور کو شریک نہیں کیا کرتا)۔ آپ خدا کو کافی سمجھئے پھر دیکھئے کہ خدا آپ پر ویسا ہی مہربان ہو جائے گا جیسا پہلے تھا۔ اپنے بدعتی خیالات سے دین کو خالص کروالا للہ الدین الخالص (دین خالص صرف اللہ کے لئے ہے)۔ بس دین خالص میں (جو قرآن کے اندر ہے) مسلمانوں کی تمام فلاح و بہبود مضمر ہے۔ جس دین میں بدعت کی آمیزش ہو جائے وہ دین خالص نہیں رہا کرتا اور ''ملے جلے دین'' کا نتیجہ (جسے خدا شرک قرار دیتا ہے) ذلت و رسوائی کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ جب تک جی چاہے اسے آزمالو۔ یہ اللہ کا قانون ہے جو نہ پہلی امتوں کے لئے بدلا ہے نہ تمہارے لئے بدلے گا۔ مسلمانو! ایک مرتبہ پھر کہو کہ

حسبی اللہ۔ نعم المولیٰ و نعم النصیر

میرے لئے اللہ کافی ہے۔ وہی بہترین آقا ہے اور وہی بہترین مددگار۔

پھر اس کے بعد دیکھو کہ اس کی ولایت اور نصرت کفایت کرتی ہے یا نہیں۔

والسلام علیٰ من اتبع الھدیٰ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محمد حسین عرشی مرحوم

نکاتِ تلاوت

مختلف تاریخوں میں حاصل کئے ہوئے تلاوتی نکتے مائدہ طلوع اسلام پر چن رہا ہوں کہ اہل ذوق قارئین کو اپنی تنہائیوں کی لذتوں میں شریک کروں۔

۱۔ حقیقتِ علم

زیر تلاوت رکوع میں ایک آیت سامنے آئی اس سے ایک نئی روشنی حاصل ہوئی جس پر پہلے کبھی توجہ نہیں ہوئی تھی۔ میں تو کہتا ہوں کہ قرآن عزیز ہمیشہ ہی اپٹوڈیٹ (Up-to-Date) اور دائم الجمال چیز ہے۔ اس کی جدتوں اور ندرتوں کی کوئی تھاہ نہیں۔ اس کے حسن لازوال کے کتنے گوشے ہیں جو ابھی اہل نظر، مشتاقان جمال کی نگاہوں سے پنہاں ہیں۔ ان کو کون شمار کرسکتا ہے؟ سچ کہا ہے:

صد جہاں باقیست در قرآں ہنوز
اندکے خود را در آیاتش بسوز!
(اقبال)

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ قدماء مفسرین نے اتنا ہی حصہ لیا ہے جتنا چڑیا سمندر سے اپنی پیاس بجھانے کے لئے لیتی ہے اور قیامت تک کے غواصان قرآن ایسے ہی اپنی اپنی پیاس بجھاتے رہیں گے اور یہ لاہوتی سمندر ایسا ہی عمیق اور اتھاہ رہے گا۔ فالحمد للہ علی ذالک۔

فرماتے ہیں۔۔ ''جب کفار کو قرآن مجید اور پیغمبر کی طرف بلایا جاتا ہے تو کہتے ہیں ہمارے لئے وہی کافی ہے جس پر ہم نے اپنے آباء واجداد کو پایا''۔۔ یعنی وہی پرانا طریقہ، شرک، کفر، فسق وفجور وغیرہ۔۔ ان سب کے جواب پر الٰہی تنقید سننے اور سمجھنے کی چیز ہے۔۔ ارشاد ہوتا ہے۔۔ اولو کان اٰبائھم لا یعلمون شیئاً ولا یھتدون۔ یعنی۔۔ اگرچہ ان کے بزرگ باپ دادا کچھ بھی نہ جانتے ہوں اور نہ ہی ہدایت پاتے ہیں۔

براہ کرم زیر خط الفاظ ایک مرتبہ اور دیکھیں ''لا یعلمون شیئاً'' یعنی۔۔ کچھ بھی نہ جانتے ہوں۔۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ کس طرح ممکن ہے کہ مخاطبین کے آباء واجداد پشت در پشت محض بھیڑ، بکری کی قسم کے حیوان

لا یعقل ہی ہوتے رہے ہوں۔ کفار میں بڑے بڑے عقلمند منتظم اور حکیم وفلسفی ہوگزرے ہیں۔ ہم کس طرح مان لیں کہ وہ قطعاً کچھ (شیـــئـــاً) نہیں جانتے تھے یعنی محض پتھر تھے' کیونکہ آخر حیوان بھی کچھ نہ کچھ جانتے ہیں' اپنی خوراک کو غیر خوراک سے' مالک کو غیر مالک سے' مسکن کو غیر مسکن سے تمیز کرتے ہیں۔ اپنے بچے کو دوسرے کے بچے سے پہچانتے ہیں۔ (وغیرہ وغیرہ) پھر کیونکر تسلیم کرلیا جائے کہ ابوجہل جو ابوالحکم کہلاتا تھا اور ابولہب جو بڑا صاحب اثر رئیس تھا اور فرعون و ہامان وقارون جو لاکھوں انسانوں پر اثر رکھتے تھے' بالکل ''لا یعلمون شیئاً'' تھے۔ یعنی کچھ جانتے ہی نہ تھے؟

مجھ سے پوچھتے ہو تو میں بغیر کسی ایچ پیچ اور دل کی پوری تسلی اور یقین سے کہتا ہوں کہ جس نے اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کو نہیں جانا اس نے بہت کچھ جاننے کے باوجود کچھ بھی نہیں جانا۔ اور جس نے اس منبع حسن و جمال اور مخزن خیر و کمال کا کوئی گوشہ پالیا تو اس نے سارے علم سیکھ لئے اور ساری دولتیں حاصل کرلیں۔

جان جملہ علمہا این است' ایں
کہ بدانی من کیم در یوم دیں

(رومی)

ابوبکر شبلی رحمتہ اللہ علیہ اپنے شیخ طریق حضرت جنید رحمتہ اللہ علیہ سے سوال کرتے ہیں: ''حضرت! مجھے سارے علوم سکھا دیجئے تاکہ آنکھوں کے سامنے سے تمام حجاب اٹھ جائیں اور آخرت کا راستہ صاف دکھائی دینے لگے۔''

''عزیز من! تم تمام علوم پر حاوی ہو جانا چاہتے ہو''۔ جنیدؒ نے کہا۔

''ہاں حضرت!'' جواب شبلیؒ۔

''تو قلم' دوات اور کاغذ لے آؤ! آج ہم تمہیں تمام علوم لکھوا دیتے ہیں۔'' ارشاد جنیدؒ

شبلیؒ اٹھے اور بھاگے بھاگے قلم' دوات اور کاغذات کا ایک مٹھا لئے ہوئے حاضر خدمت ہوگئے۔ دل میں بہت خوش کہ آج سے مبارک کون سا دن ہوسکتا ہے' شیخ اتنے مہربان ہیں کہ سارے ہی علوم سکھا دینے پر آمادہ ہیں۔ الحمدللہ۔ عرض کیا:

''حضرت! کاغذ' قلم' دوات حاضر ہے۔''

فرمایا۔ ''لکھو۔ اللہ''

شبلی نے لکھ لیا اور عرض کیا:

''حضرت آگے''؟

فرمایا ''بس۔ اس سے آگے کچھ نہیں۔ تمام علوم و اسرار' تمام نعائم ولذائذ' تمام دولتیں اور خوبیاں اور جو جو کچھ تم اور تمام مخلوقات تصور کرسکے اور جو سب کے تصورات سے باہر ہے' وہ سب کچھ اسی ایک لفظ میں موجود ہے۔ اسی کو سمجھو' اسی کو جانو' اسی کو پہچانو۔ ہر مراد حاصل اور ہر مدعا میسر ہوجائے گا۔''

تم مل گئے تو دولت کونین مل گئی
پائے طلب میں اب خلشِ جستجو نہیں

فرعون جب اس جہان سے رخصت ہوا' اس کے علوم' اس کی پیش بینی وفراست' اس کا دبدبہ وسیاست' اس کا

دعویٰ الوہیت اور اس کے اسباب عروج و کمال کہاں تھے۔۔ پاکستان کے کیمرج اور آکسفورڈ یافتہ سیاست دانو! تمہیں اس کے مرتے وقت کے الفاظ یاد نہیں؟ مجھ سے سنو! نہیں نہیں اس کی زبان مبارک سے سنو جو اس وقت بھی اس کے پاس موجود تھا اور آج بھی تمہاری اور میری رگ گردن سے زیادہ ہمارے قریب ہے۔(جل شانہ وھوا لحی الذی لا یموت)

اذا ادرکہ الغرق ۔۔ٹھیک اس وقت جب فرعون ڈوب رہا تھا۔

قال ۔۔۔اس نے کہا۔۔۔

امنت انہ لا الہ الا الذی امنت بہ بنو اسرائیل و انا من المسلمین O

میں مان گیا کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں جس کو بنی اسرائیل مانتے ہیں اور میرا سر تسلیم خم ہے۔

آہ اس وقت مانا جب ماننے کا کوئی فائدہ نہ رہا' جب ادھر کی آنکھ بند ہو چکی اور ادھر کی آنکھ کھل گئی اور جو کچھ موسیٰؑ کہتے تھے دکھائی دینے لگا۔۔ اور ادھر کے کان بند ہو گئے' ادھر کی آواز سنائی دینے لگی۔

الان وقد عصیت قبل و کنت من المفسدین ۔الخ

(او ظالم!) اب مان رہا ہے حالانکہ پہلے تو نے کوئی بات نہ مانی اور فساد ہی مچاتا رہا۔

تو مطلب یہ نکلا کہ وہ معلومات جو انجام کار ہمارے کسی کام نہ آئیں' ان کا جاننا نہ جاننے کے برابر ہے' جیسے بخیل کی دولت جو اس کے کام نہیں آتی' دراصل وہ اس کی ہے ہی نہیں۔ وہ اس کے ہوتے ہوئے مفلس بلکہ مفلس سے بدتر ہے' کیونکہ مفلس اس کی حفاظت کے عذاب میں تو مبتلا نہیں۔

علم رابر دل زنی یارے بود
علم را برتن زنی مارے بود
علم اہل دل بود حمال شاں
علم اہل تن بود احمال شاں

اور یوں بھی دیکھو تو اکابر انبیاؑء نے کون سی یونیورسٹی اور کس کالج میں تعلیم پائی تھی۔ اللہ کو جانا تو سب کچھ جان لیا۔

اے شیخ بہت اچھی مکتب کی فضا لیکن
بنتی ہے بیاباں میں فاروقی و سلمانی

۲۔ علم غیر نافع

میں اکثر سوچا کرتا تھا کہ بعض بڑے بڑے اہل علم جو عربیت کے علامہ' تفسیر کے ماہر اور تقریر و تحریر کے دھنی ہیں' عملی لحاظ سے عوام سے بھی کیوں گئے گذرے ہیں۔ نہ ان کی نگاہ محتاط' نہ نیت پاک اور نہ ہی نجی طور پر ان کی زبان شائستہ ہے۔ میں نے ایسے بزرگوار ''چوں بخلوت می روند'' کے مجسمے اپنی آنکھوں سے دیکھے ہیں' ان سے معاملہ کیا ہے۔ دنیا ان کو مقدس دینی رہنما کی حیثیت سے مانتی تھی اور مانتی ہے' لیکن ان کی پرائیویٹ زندگی نہایت گھناؤنی اور خوف خدا سے بڑی حد تک خالی نظر آئی۔ آخر اس کی کیا وجہ ہے؟ جو آیتیں وہ ہم عامیوں کو سناتے ہیں ان سے ہمارے دل کانپ جاتے ہیں۔ وقتی طور پر سہی' ہم جاہلوں پر اثر تو ہو جاتا

ہے۔لیکن ان مقدسین علمائے کرام ومشائخ عظام پر کیوں اثر نہیں ہوتا۔ یہ خدا سے کیوں نہیں ڈرتے' ان کو عاقبت کا اندیشہ کیوں نہیں؟ آج زیر تلاوت رکوع میں اس کا جواب مل گیا۔۔ ہمارے محبوب ومولا اللہ پاک فرماتے ہیں:

ومنهم من يستمع اليک و جعلنا على قلوبهم اكنتة ان يفقهوه و فى اذانهم و قراوان يروا كل اية لا يومنوا بها۔ الخ

اب اس سے زیادہ کیا ہوسکتا ہے کہ آخری پیغمبر ﷺ زندہ ہیں اور اپنی زبان وحی ترجمان سے قرآن پاک کی تلاوت فرما رہے ہیں' اور سننے والے وہ ہیں جو ہمارے شمس العلماؤں سے بھی زیادہ عربی کو جاننے اور سمجھنے والے ہیں' کیوں نہ ہوان کی مادری زبان ہے' لیکن پھر بھی ان کے متعلق آسمان کا اٹل فیصلہ یہ ہے:

ترجمہ آیت۔۔ ان میں سے بعض ایسے جو (اے محمد ﷺ) تیری بات کو کان لگا کر سنتے تو ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم نے ان کے دلوں پر حجاب ڈال رکھے ہیں تاکہ قرآن کو نہ سمجھیں اور ان کے کانوں کو بھی حقیقت میں بہرا ہی بنا دیا ہے' وہ کوئی بھی نشان دیکھیں اس پر ایمان نہیں لاتے۔

اب سننا اور عربی دان ہونا کیا فائدہ دے سکتا ہے' جب اللہ تعالیٰ ہی دل اور کانوں پر پہرے بٹھا دیں کہ کوئی حق بات اثر ہی نہ کرنے پائے۔ اور یہ جبر بھی نہیں' انسان کے اپنے میلان ورجحان کی وجہ سے اس قسم کے پردے ڈال دیئے جاتے ہیں۔ اسی لئے تو جو لوگ علم میں پختہ ہیں ڈرتے اور دعائیں کرتے رہتے ہیں:

ربنا لا نزغ قلوبنا بعد اذهد يتنا۔ الخ

اے ہمارے رب! جب آپ ہمیں ہدایت کی دولت دے چکے تو اس کے بعد ہمارے دلوں کو کج فہمی سے بچائیو۔

یعنی ہدایت یاب ہونے کے بعد بھی گم راہ ہو جانا کچھ بعید نہیں اور جو شروع ہی سے ہدایت کی طرف مائل نہ ہو اور محض کاروباری حیثیت سے حدیث وتفسیر کو استعمال کرتا ہو وہ اس کے مقصود حقیقی کو کیونکر پا سکتا ہے۔

رب اعوذبک من همزات الشيطين واعوذبک رب ان يحضرون۔

اے میرے رب میں شیطان کے ہتھکنڈوں سے آپ ہی کی پناہ چاہتا ہوں اور اس سے بھی آپ ہی کی پناہ چاہتا ہوں کہ میرا شیطانوں سے سابقہ پڑے۔

ہمارے نوجوانوں کی فرنگ زدگی اور الحاد پذیری کو بہت کوسا جاتا ہے اور یہ صحیح بھی ہے' لیکن اس کے پس منظر کو دیکھیں تو اس میں انگریز کی حکمت عملی کے ساتھ ساتھ ان مقدس نما بزرگوں کا بھی کچھ کم دخل نہیں۔ جو لوگ ان کے اندرونی کردار سے واقف ہو جاتے ہیں وہ سرے سے دین ہی سے

بیزار ہو جاتے ہیں کہ جس دین کے نمائندے ایسے ہیں وہ دین کیسا ہوگا۔شہنشاہ جلال الدین اکبر کے متعلق بالکل سچ ہے۔ ع

تخم الحادے کہ اکبر پرورید

لیکن تاریخ ہی بتاتی ہے کہ اکبر کا بچپن کافی دیندارانہ تھا۔۔ آخر اس وقت کے مولانا مخدوم الملک کی قسم کے بزرگ..... جب اس کے سامنے اپنے اصلی رنگ میں نمودار ہوئے اور دوسری طرف فیضی وابوالفیض ایسے ملا اس کی نئی نئی دین سے بیزاری کا خیر مقدم کرنے کے لئے کھڑے تھے تو اسے تخم الحاد کی پرورش سے روکنے والا کون ہوسکتا تھا۔۔ آج بھی یہی حال ہے۔ پیرو ملا ایک متعفن قسم کے مذہب کو اسلام کے نام سے پیش کر رہا ہے۔نوجوان اس سے ناک بھوں چڑھاتے ہوئے منہ پھیرتا ہے تو دوسری طرف اسے فرنگیت کی نازک اندام پری الحاد کا تحفہ ہاتھ میں لئے خیر مقدم کرتی ہوئی دکھائی دیتی ہے۔اب وہ بیچارہ کہا جائے۔

''کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری''

۳۔ جرائم پیشہ قوم

آج زیر تلاوت آیات میں آیت ذیل دل میں چبھ گئی۔

ولا یرد باسه عن القوم المجرمین۔

جو لوگ قومی حیثیت سے جرائم پیشہ ہو جائیں ان پر سے اللہ کا عذاب ٹل نہیں سکتا۔

اس کی اوپر کی آیت کے آخری ٹکڑے نے اس کے مضمون کو اور بھی ہولناک بنا دیا ہے۔

وانا الصادقون ۔۔۔ہم (اللہ) قطعی سچ کہنے والے ہیں۔

مجھے اپنی قوم کا خیال آ گیا۔اکابر واصاغر، جہلاء و علماء، حاکم ومحکوم سب کے سب عظیم اکثریت کے لحاظ سے مجرم ثابت ہو رہے ہیں۔یا اللہ! اس قوم کا کیا بنے گا؟

آوازۂ حق اگر کہیں ہے تو بہت مدہم۔۔۔ اور عموماً اس کے پیچھے بھی خلوص بہت کم اور وہی عوامی جرائم پیشگی اپنی طوفانی شان کے ساتھ۔یہ ''انا الصادقون'' کہنے والے کا قول کبھی آج تک ٹلا نہیں اور اب ٹلنے کا نہیں۔اگر اس کے علم میں روس مجرم ہے تو وہ پکڑا جائے گا۔۔امریکہ اور اس کے حوالی موالی مجرم ہیں تو وہ بھی نہیں چھوٹیں گے۔فریقین مجرم ہیں تو کوئی بھی نہیں بچے گا۔دنیا بھر کے آثار اچھے نہیں، مہلت دینے والا بہتر جانتا ہے کہ کتنی مہلت مناسب ہے اور کب گرفت آ جائے گی۔ اس تصور کے تحت آج کل میرے وردزباں یہی آیت رہتی ہے اور میں اپنے دوستوں کو بھی اس طرف توجہ دلاتا ہوں:

رب نجنی واهلی مما یعلمون

(دعائے لوطؑ) میرے رب! مجھے اور میرے اہل و عیال کو ان لوگوں کی بداعمالیوں (کے نتائج) سے بچالے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اسلم کریلوی

جمہوریت جنگ ہے زرگری

جمہوریت' اسلام میں امت کی امنگوں کا مظہر ہوتی ہے جس میں اقتدار اعلیٰ خدائے واحد کو حاصل رہتا ہے اور امت کے منتخب کردہ نمائندگان' وحی خداوندی کے عطا کردہ قوانین کو بروئے کار لانے کا ذریعہ جو عملاً ان احکامات پر زندگی کو استوار رکھتے ہیں اور قانون کی بالادستی کو عدل کی کسوٹی پر جانچ کر عوام کو اس کا پابند رکھتے ہیں۔ اسلامی جمہوریت میں حدود اللّٰہ کہ اطاعت و وفا شعاری اسلام کے دعویداروں پر فرائض کی ادائیگی زندگی کے ہر گوشے پر حقوق العباد کی شکل اختیار کئے رکھتی ہے۔ رب العزت نے نظام مملکت کے ضابطہ حیات قرآن کریم کی لاریب کتاب میں امت مسلمہ کے لئے احکام و ہدایت اور ان پر عمل درآمد کے حدود متعین کر دیئے ہیں یوں سمجھو کہ اسلامی جمہوریت دوسرے الفاظ میں قرآنی اصول اور احکام کی حکمرانی کا نام ہے جس میں امت کی آزادی اور پابندی' حدود اللہ کے اندر مضمر ہوگی خواہ وہ سیاست ہو یا معاشرتی اصلاحات کا نفاذ' امت میں رفاقت کا ہر طریقہ کار ان کے باہمی مشورہ سے طے پائیں گے جو قرآن کریم نے متعین کر دیئے ہیں لیکن ان کی جزیات ترکیبی جو حاکم مطلق نے خود متعین نہیں کی' مستقل اقدار و احکامات جو غیر متبدل ہیں ان کے علاوہ امت مسلمہ کو آزادی ہے وہ قرآن کریم کی بیان کردہ حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنے وقت کے مطابق مناسب ترین شکل میں اختیار کریں جو عدل و انصاف پر مبنی ہوں اسے تو اسلامی جمہوریت کہا جائے گا جس میں اطاعت اور وفاکیشی کا مرجع اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

سروری زیبا فقط اس ذات بے ہمتا کو ہے
حکمران اک وہی باقی بتان آذری

باقی سارے سسٹم خواہ وہ مغربی جمہوریت کے ہوں یا پاکستانی جمہوریت ہر جمہوری نظام ذاتی برومندی کا مظہر ہوتا ہے اس میں اقتدار اعلیٰ خدائے واحد کا نہیں ہوتا سینکڑوں منتخب کردہ ''خداؤں'' کا ہوتا ہے جو کاغذات نامزدگی کی صورت میں معزز و صاحب کردار تسلیم کئے جاتے ہیں خواہ ان کا کاروبار گراں فروشی کا ہو یا ہیروئن فروشی ہو'

جن میں ایسے تاجر بھی ہیں جن کا پیشہ' تجارت' جمہوریت کے حصول میں لاکھوں لگا کر کروڑوں کا کمانا ہے۔ جمہوری شراکت دار' کامیابی کی صورت میں صاحب اقتدار اور ناکامی کی صورت میں تخریب کار جو اپنے اغراض و مقاصد میں حقوق انسانیت کو سلب کرتے ہیں بھارتی جمہوریت ہو یا مغربی جمہوریت ان کا مقصد ذرائع پیداوار اور معیشت پر قبضہ کرنا ہے جیسے امریکی عزائم' خلیجی ممالک کو یرغمال کئے ہوئے ہیں عراق پر اس کی بلاجواز بم باری اور افغانستان میں بے قصور انسانیت کا قتل عام' غنڈہ گردی کی مثال ہے یا بھارتی جمہوریت میں کشمیری مسلمانوں کا قتل عام ان ہر دو غنڈوں میں کیا فرق رہ سکتا ہے سوائے اس کے کہ ایک مہذب کہلاتا ہے اور دوسرا غیر مہذب خواہ وہ سیاسی استحصال کرنے والے ہوں یا شرف انسانیت کو پامال کرنے والے ہوں ڈاکو کہلاتے ہیں اور ڈاکوؤں سے خیر و سلامتی کی توقع رکھنا خود فریبی کے سوا اور کیا ہوسکتا ہے جس سسٹم میں اوپر سے نیچے تک خرابی ہو اس سسٹم کے کیا کہنے؟ یہی کہ اس سسٹم کو جڑ سے اکھاڑ پھینک دینا چاہئے قوم اتنے سارے تجربات کی متحمل نہیں ہوسکتی جب کہ ملک کا متوسط مسکین طبقہ روٹی تک سے محتاج ہے جو الیکشن و انتخاب کی آلودگی میں جیتے جی مر رہے ہیں جنہیں کسی بھی جمہوریت نے عزت سے زندہ رہنے کا حق نہیں دیا ان کے نزدیک ہر جمہوریت اونٹ کی مثال ہے جو حکومتوں کے اتار چڑھاؤ میں پس کر رہ جاتے ہیں بادشاہت ہو یا آمریت مغربی جمہوریت یا مشرقی ہر جمہوریت نے غریب اکثریت کا استحصال کیا ہے جس کا منہ بولتا ثبوت ان کی غربت ہے۔ ان حالات میں خدائی نظام' نظام ربوبیت جس کا سیاسی نظام قرآن کریم نے دیا ہے اس پر توجہ دینے کی ضرورت ہے کہ گو کہ یہ ایک کٹھن راستہ ہے مگر دوررس نتائج کا حامل ہے۔ اس کے سوا انسانوں کی کوئی وضع کردہ حکومت اسلامی نہیں کہلا سکتی اسلامی حکومت اللہ تعالیٰ کی حاکمیت کا نام ہے اس سلسلے میں قرآن کریم کا ارشاد ہے۔ جو کوئی اسلام کے سوا اور کسی نظام کا خواہاں ہوگا وہ نظام عدالت خداوندی میں قابل قبول نہیں اس لئے کہ وہ کارگہ کائنات میں کسی بھی صورت فٹ نہیں بیٹھ سکتا۔ جب کہ معاملہ صرف ذہنیت بدلنے کا ہے اور اللہ تعالیٰ کسی قوم کی حالت نہیں بدلتا جب تک کہ وہ خود اپنے اندر تبدیلی پیدا نہ کرے۔ اگر آپ پاکستان میں حقیقتاً جمہوریت کے خواہاں ہیں تو اسلامی قدروں کا احترام کریں جنہیں مذہبی پیشوائیت نے چیستان بنا رکھا ہے مغربی جمہوریت خود غرضی کا نظام ہے ملک سے بددیانتی اور رشوت کا خاتمہ ہو جائے تو یہ بھی اہل پاکستان کی خوش بختی کا ثمر ہے ملک اور عوام کی تمام مشکلات کا حل اسلامی رواداری اور یکجہتی میں مضمر ہے جو صراط مستقیم ہے اس پر چلنا ناممکن نہیں بشرط کہ عزائم نیک نیتی پر مبنی ہوں تو یہ راستہ اتنا کٹھن نہیں۔

کانپتا ہے دل ترا اندیشہ طوفان سے کیا
ناخدا تو بحر تو کشتی بھی تو ساحل بھی تو

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انجم ہلال صدیقی

نفس، نفسیات اور نفسانفسی

آج کل کی ہنگامہ خیز زندگی میں انسان بری طرح سے نفسیاتی بیماریوں کا شکار ہو چکا ہے اور اعصابی کمزوریوں میں مبتلا رہتا ہے۔ دنیا بھر میں کوئی بھی ملک انسانی نفسیات کے لئے ٹھوس حکمت عملی وضع کرنے میں کامیاب نہیں رہا اور انسانی خوشحالی کلی طور پر حاصل کرنا ابھی باقی ہے۔ بین الاقوامی سطح پر دنیا کے بیشتر ممالک ایک دوسرے کے ساتھ اعصابی جنگوں میں مشغول ہیں جسے ہم سرد جنگیں بھی کہتے ہیں۔ تو ظاہر ہوا کہ انسان کو ذہنی کشمکش میں قصداً مبتلا رکھا جا رہا ہے اور اس کے جذبات کو ٹھنڈا یا سرد کرنے کی بجائے اسے سرد جنگ کی نظر کیا جا رہا ہے۔ انسانی نفس اس کا وجود اور اس کی ذات کہلاتی ہے۔ اس کی جان میں اس کی روح جسمانی اور روحانی دونوں صلاحیتوں میں سکون طلب ہے۔ مگر انسان کو سکون میسر ہی نہیں آتا۔ بزرگوں سے سنتے اور کتابوں میں پڑھتے آئے ہیں کہ انسان کے ارتقائی عمل میں رب تعالیٰ کی ذات صرف چار عناصر شامل کرتی چلی آ رہی ہے۔ جن میں ذہانت، تصور، علم اور ہنر قابل ذکر ہیں مگر سکون انسان از خود حاصل کرتا ہے۔ ماہر نفسیات دان سکون کو بھی اندرون جسم تلاش کرنے پر زور دیتے ہیں۔ بقول شاعر۔

جیسا موڈ (Mood) ہو ویسا منظر ہوتا ہے
موسم تو انسان کے اندر ہوتا ہے

سکون اور سکھ چین، انسان سے فقط خواہش نفسانی کے جنم لینے سے ختم ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ آج کل کے انسان نے اپنی نفسانی خواہشات کو اپنا معبود بنا لیا ہے اور ان کی پرستش میں شب و روز تگ و دو کر رہا ہے اور یکے بعد دیگرے ان پر عبور حاصل کرنا چاہتا ہے۔ لہٰذا نفس کی وابستگی انسانی جان، حقیقت اور اصلیت کو ظاہر کرتی ہے اور نفسیات، نفس سے متعلقہ باتیں۔۔ بالآخر ہم نفسانفسی کے عالم میں انسان کو پاتے ہیں جو صرف خود غرضی کے علامت بن چکا ہے۔ یہ سب کیوں اور کیسے اُمڈتا ہے؟ اس کا جواب غور طلب ہے۔

انسانی تاریک تین ادوار پر مشتمل ہے۔ جنہیں ہم ماضی، حال اور مستقبل کہتے ہیں اور ہر دور میں انسانی معاشرہ

تین ہی طبقات میں پایا جاتا ہے یعنی امیر، متوسط اور غریب۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ دنیا میں ادوار، طبقات اور نسلیں محض اس لئے قائم و دائم رکھی گئی ہیں کہ انسان کو ایک دوسرے کی پہچان ہو۔ قرآن مجید فرقان حمید میں بھی ہمیں ان ہی عوامل سے آگہی اور رہنمائی حاصل ہوتی ہے۔

وطن عزیز کے سب شہری اپنے نفوس کے ساتھ طبقاتی نفسیات لئے نفسانفسی کی کیفیات میں جکڑے پائے جاتے ہیں۔ انسان گو کہ آزاد پیدا ہوتا ہے مگر وہ دنیا کے چاروں طرف زنجیروں میں جکڑ بند ہے۔ ان جیسے مشاہدات اور تجربے ہمارے لئے نئے نہیں ہیں بلکہ انسان کی تاریخ سے رقم کئے جاتے رہے۔ ہمارے ماضی کو ہمارے آج کا دانشمند، ادیب اور مفکر نت نئے تجزیات سے نئی راہیں ترتیب دینے کے لئے مصروف عمل ہے اور ان ہی کی روشنی میں مستقبل کے خوش آئین محرکات لانے کا متلاشی۔ ہمیں معلوم ہو چکا کہ گذشتہ کئی سالوں سے امیر طبقہ امیر تر ہوتا چلا آ رہا ہے اور غریب غریب تر۔ اگر گندم کے دانے کی طرح یا مصالحے کی طرح سل بٹے میں کوئی پسا ہے تو ہمیشہ کی طرح متوسط الحال یا درمیانی معاشرتی طبقہ۔ امیر کے لئے اس کی دولت آسودگی کا ذریعہ ہے اور غریب اپنی غربت ہی میں آسودہ حال ہے مگر نہ امیر نہ غریب درمیانی حیثیت رکھنے والا طبقہ جائے تو کہاں جائے اور کرے تو کیا کرے؟ اپنے نفس سے غیر مطمئن یہ طبقہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور ہنر مند ہونے کے باوجود بے روزگار جیسی لعنت میں دکھیلا اور اسی کی بھینٹ چڑھا دیا گیا ہے۔

آج کل غربت مکاؤ پروگرام کے ذریعے بے روزگار کو ختم کرنے کے پہلے قدم کے طور پر حکومت نچلے طبقے کے لوگوں خاص کر غریب مزدوروں کو روزگار فراہم کرنے میں کامیاب دکھائی دیتی ہے اور اس کا پرچار بھی بہت ہے۔ مگر حکومت کو یہ بھی دیکھنا ہوگا کہ مزدور کی فقط سو روپے کی دہاڑی پر روزگار کی فراہمی اس کے گھریلو اخراجات کے لئے کافی ہے یا کہنا کافی؟ جبکہ آئے دن کی مہنگائی اس کی غربت مٹاؤ کی بجائے غربت بڑھاؤ کا سرچشمہ بنتی جا رہی ہے۔ مہنگائی مٹاؤ پروگرام ہی اصل خوشحالی فراہم کرنے کا موجب بن سکتا ہے۔ غریب طبقے کی غربت کے ساتھ ساتھ متوسط طبقے کی بے روزگاری مٹانے کے لئے بھی لائحہ عمل بہر عنوان تشکیل دیا جانا اور فوری طور پر نافذ العمل کرایا جانا چاہئے۔ اس طرح ہر پاکستانی اپنا نفس لئے نفسیاتی کھنچاؤ، دباؤ اور کشمکش سے آزاد شہری کی حیثیت سے مملکت خداداد کی بطور احسن خدمات سرانجام دے سکے گا اور نفسانفسی کا دور دورہ ہمیشہ کے لئے فنا ہو جائے گا۔ باروزگار پاکستانی خوشحالی پاکستان کا ضامن ہوگا۔ امیر کو امیر تر نہ رہنے دیا جائے ٹیکس ایمنسٹی سکیم اور دیگر ٹیکس نیٹ ورکس کے ذریعے وطن عزیز کی ترقی اور کامرانی کو یقینی بنانا حکومت کی ترجیحات ہونی چاہئیں۔ امیر کی مرگ کا ذکر کرتے ہوئے اکبر الہٰ آبادی نے کیا خوب کہا تھا:

کوئی مرے تو دیکھ کہ کیا لے گیا وہ ساتھ
بے کار ہے یہ بحث کہ وہ چھوڑ کیا گیا

مندرجہ بالا شعر اکبر الہٰ آبادی نے اپنے مرنے سے پہلے 75

برس کی عمر میں 1921ء میں ہمیں بخشا تھا جو آج بھی سدا بہار ہے اور ماضی کی طرح حال اور مستقبل دونوں میں عمل پیرا رہے گا۔ ایک اور صداقت کئی اور سنہری صداقتوں میں سے اکبرالہٰ آبادی فرما گئے کہ

''ہے قوم تو بے زر مگر اڑتا ہے زر قوم''

قومی دولت قوم کی امانت ہے اسے سوچ سمجھ کر خرچ کرنا چاہئے وگرنہ ہمارے نفوس ہمیں نفسیاتی مسائل میں دھکیلتے چلے جائیں گے اور وسائل نہ ہوتے ہوئے ہم نفسانفسی کے ساتھ ساتھ خدانخواستہ افراتفری کی دلدل میں پھنستے ہوئے تباہ و برباد ہو جائیں گے۔ ع

خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے
یہی دعا ہے دوستو خدا سے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

23 مارچ

یوں تو ہر دن اللہ ہی کا ہوتا ہے لیکن بعض دنوں میں اس قسم کے عظیم الشان انقلاب واقع ہوتے ہیں کہ قرآن انہیں ''ایام اللہ'' کہہ کر پکارتا ہے۔ اسی طرح قوموں کی زندگی میں بعض دن ایسے آتے ہیں جن میں ان کا کاروان حیات ایک نیا موڑ مڑتا ہے اور اس سے ان کی قسمت کا پانسہ پلٹ جاتا ہے۔ اس قسم کے دن قوموں کی زندگی میں یادگار بن جاتے ہیں اور تاریخ کے اوراق میں درخشندہ حروف میں لکھے جاتے ہیں مسلمانان ہندو پاکستان کی حیات ملی میں گذشتہ پچیس سال کے عرصہ میں کئی دن ایسے آئے ہیں جن کی یاد کو تاریخ اپنی آغوش میں محفوظ رکھے گی۔ ان میں سب سے پہلا یادگار دن ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کا تھا جب الہٰ آباد کے مقام پر مسلم لیگ کے سالانہ اجلاس میں' حکیم الامت علامہ اقبالؒ نے اپنا وہ خطبۂ صدارت ارزانی فرمایا جس نے فی الحقیقت اس قوم کے مستقبل کے دھارے کا رخ بدل دیا۔ اس سے پہلے مسلمانان ہند ایک راہ گم کردہ قافلے کی طرح پریشان و سرگرداں' ادھر ادھر مارے مارے پھرتے تھے۔ ان کے پاؤں اٹھتے تھے لیکن نہ سراغ راہ ان کے سامنے تھا نہ نشان منزل۔ وہ ہر دور سے نظر آنے والے غبار کی طرف لپک کر بڑھتے تھے کہ شاید اس میں وہ ''شہ سوارِ اشہبِ دوراں'' ہو جو انہیں صحیح وسلامت منزل مقصود تک لے جائے لیکن اس کے بعد مایوس ہو کر بیٹھ جاتے تھے کہ وہ غبار' بگولے کے رقص سے زیادہ کچھ نہیں ہوتا تھا۔ اس تشتت و انتشار اور یاس وحزن کے عالم میں اس حکیم الامت نے جسے قرآنی بصیرت نے دیدۂ انجم عطا فرمایا تھا' ان پراگندہ افرادِ کارواں کو پکارا اور نہایت حکمت و تدبر اور شفقت و محبت سے انہیں بتایا کہ ان کی منزل مقصود کیا ہے اور اس تک پہنچنے کا صحیح راستہ کونسا۔ انہوں نے سب سے پہلے اپنے مخاطبین سے کہا کہ

> آپ نے مسلم لیگ کے اس اجلاس کی صدارت کے لئے اس شخص کو منتخب کیا ہے جو اسلام کے مستقبل سے مایوس نہیں۔ اسے پورا پورا یقین ہے کہ اسلام میں وہ قوت موجود ہے جو انسان کو اس کی تنگ نظری سے

نجات دلا سکتی ہے جسے جغرافیائی حدود نے پیدا کر دیا ہے۔ جس کا ایمان یہ ہے کہ ایک فرد یا مملکت کی زندگی میں مذہب کی قوت بے حد اہمیت رکھتی ہے۔ اور جو (اس حقیقت پر علیٰ وجہ البصیرت) یقین رکھتا ہے کہ اسلام اپنی تقدیر آپ ہے۔ اس لئے دنیا کا کوئی حادثہ اسے تباہ نہیں کر سکتا۔

اس کے بعد انہوں نے فرمایا کہ یہ تمہاری غلط نگہی ہے جو تم نے سمجھ رکھا ہے کہ مسلمانوں کی قومیت وطن کی حدود سے متشکل ہوتی ہے۔ ان کی قومیت کا مدار اسلام پر ہے۔

جس نے جذبات اور وفا شعاریوں کے وہ بنیادی اصول عطا کئے ہیں جو رفتہ رفتہ پراگندہ افراد اور منتشر گروہوں میں یک جہتی اور یک نگہی پیدا کر کے انہیں آخرالامر ایک متعین قوم میں تبدیل کر دیتے ہیں۔

قومیت کی ان نئی بنیادوں کی وضاحت کے بعد' وہ مسلمانان ہند کے مستقبل کو سامنے لائے اور کہا کہ

میں چاہتا ہوں کہ پنجاب۔ صوبہ سرحد۔ سندھ اور بلوچستان کو ایک دوسرے میں مدغم کر کے ایک مملکت بنا لیا جائے۔

انہوں نے اپنی اس آواز کے اظہار تک ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ ایمان و ایقان کی ایک ایسی آواز کے ساتھ جو دل کی گہرائیوں سے ابھرا کرتی ہے' پورے حتم و یقین سے فرمایا کہ

حکومت برطانیہ کے دائرہ کے اندر رہ کر ہو یا آزادانہ طور پر۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک مستحکم اور متحدہ مملکت کا قیام ان کے لئے مقدر ہو چکا ہے۔

یہ تھا نشان منزل (یعنی ہندوستان کے شمال مغربی علاقہ میں مسلمانوں کی ایک متحدہ مملکت کا قیام) اور وہ تھا سراغ راہ (یعنی وطنی' نسلی' لسانی نسبتوں سے بلند ہو کر' محض اسلام کی بنیادوں پر مسلم قومیت کی تشکیل) جو ۲۹ دسمبر ۱۹۳۰ء کو اس پراگندہ فکر اور افسردہ خاطر قوم کے سامنے رکھا گیا۔ یہ دن' فی الحقیقت مسلمانان ہندوستان کی زندگی میں' ہمیشہ زندہ و تابندہ رہنے والا دن تھا۔

چونکہ ہر انقلابی آواز کی طرح یہ آواز بھی اپنے زمانے سے بہت آگے تھی اس لئے کسی نے اسے سنجیدگی سے درخور اعتنا نہ سمجھا۔ لیکن زمانے کے تقاضے قوم کو کشاں کشاں اسی طرف لئے جا رہے تھے۔ انہی تقاضوں نے ان میں قائداعظمؒ جیسی شخصیت کو ابھار دیا۔ انہوں نے سب سے پہلے' قومیت کے اس ''جدید'' تصور کے ماتحت' مسلمانان ہند کو ایک جداگانہ ملت کی حیثیت سے منظم کیا اور اس کے بعد ان میں اس منزل کے شعور کو بیدار کیا جس کا نشان اقبال نے ۱۹۳۰ء میں دیا تھا۔ چنانچہ چند ہی سال کی کوششوں کا نتیجہ یہ ہوا کہ اس قوم نے ۲۳ مارچ ۱۹۴۰ء کو' اسی حکیم الامتؒ کے مرقد کے سرہانے کھڑے ہو کر اپنے اس عزم کا اعلان کیا کہ ہم ہندوستان میں اپنی جداگانہ مملکت کو قائم کر کے رہیں گے۔ یہ دن اس قوم کی کتاب زندگی میں ستاروں کی روشنائی میں لکھے جانے کے قابل ہے۔

اس عزم کے بعد' اس منزل تک پہنچنے کے لئے

مسلسل جدوجہد جاری رہی تا آنکہ انہیں نہ صرف شمال مغربی بلکہ اس کے ساتھ ہی شمال مشرقی ہند میں بھی ایسا خطۂ زمین مل گیا جس میں یہ اپنے تصورات کے مطابق اپنی آزاد مملکت قائم کر سکتے تھے۔ یہ انقلاب عظیم ۱۴ اگست ۱۹۴۷ء کو واقع ہوا۔ یہ دن ان کی حیات ملی میں ہزاروں مسرتوں اور لاکھوں شادمانیوں کا پیامبر تھا اور بلا شائبۂ تشکیک' قرطاسِ ارض پر سورج کی کرنوں سے مرصع کاری اور زرنگاری کا مستحق۔ اس طرح سترہ سال کے قلیل عرصہ میں (جو قوموں کی زندگی میں پلک جھپکنے سے زیادہ کا عرصہ نہیں کہلا سکتا) ایک ''شاعر کا خواب'' خواب یوسف کی طرح' حقیقت ثابتہ بن کر سامنے آ گیا۔

لیکن جہاں ایک طرف' اس قوم کی قسمت کے ستارے یوں ایک ایک کر کے بیدار ہوتے جا رہے تھے' تاریکی کا ایک گوشہ بھی اس کے ساتھ چلا آ رہا تھا کہ اقبالؔ نے پاکستان کا تصور دیا لیکن قبل اس کے کہ یہ حقیقت منتظر' لباس مجاز میں سامنے آ جائے' وہ ہم سے رخصت ہو گیا۔ پھر جناحؔ نے وہ خطۂ ارض حاصل کر لیا جس میں اس جدید مملکت کو متشکل ہونا تھا لیکن قبل اس کے کہ اس کی بنیادیں اس نقشے کے مطابق استوار ہوں۔ وہ بھی ہمیں الوداع کہہ گیا۔ اب قوم کے برسر اقتدار طبقہ کی حالت ان رئیس زادوں کی سی ہو گئی جنہیں بیٹھے بٹھائے ایک ریاست ورثہ میں مل جائے۔ اور عوام کی حالت ان یتیموں کی سی جن کا کوئی والی وارث ہی نہ رہے۔ چنانچہ اس عرصہ میں' اوپر کے طبقے نے اس مفت میں ملی ہوئی ریاست کا جو کچھ حشر کیا اور نیچے کے طبقے کے ساتھ جو کچھ بیتی اس کے متعلق اس سے زیادہ اور کیا کہا جائے کہ

فلیضحکوا قلیلا ولیبکوا کثیرا
جزاء بما کانوا یکسبون (۹/۸۲)

انہوں نے جو کچھ اپنے ہاتھوں سے کیا ہے' انہیں چاہئے کہ اسے دیکھ کر روئیں بہت زیادہ اور ہنسیں بہت کم۔

اقبال نے تخلیق پاکستان کی اہمیت یہ بتائی تھی کہ

> ہندوستان میں' بہ حیثیت ایک ثقافتی قوت کے' اسلام کی زندگی کا دارومدار اس پر ہے کہ اسے ایک خاص خطہ میں مرکوز کر دیا جائے۔

اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ ''یہ خطۂ زمین بیرونی حملہ آوروں کی مدافعت کا ذریعہ بن جائے گا خواہ وہ حملے توپ و تفنگ کے ہوں اور خواہ نظریات وتصورات کے۔'' اس کے بعد انہوں نے کہا تھا کہ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہوگا کہ

> اس سے اسلام کو اس کا موقع مل سکے گا کہ وہ اپنے آپ کو ان اثرات سے پاک اور صاف کر لے جنہوں نے اسے عربی ملوکیت کے زمانے میں ملوث کر دیا تھا۔ یہ اپنی تعلیم' اپنی ثقافت اور اپنے قوانین کو ایک طرف حقیقی اسلام سے اور دوسری طرف دور حاضرہ کے تقاضوں سے قریب تر کر سکے گا۔

یہ تھے وہ فوائد جو اسلام کو اس صورت میں حاصل ہونا تھے جب شمال مغربی خطہ ایک واحد مملکت بن جاتا۔ اب جبکہ ہم نے شمال مغربی خطہ کو ایک مملکت بنا لیا ہے' ہمارے پیش نظر ان مقاصد کا حصول ہونا چاہئے۔ یعنی ہم اس خطۂ زمین میں

ایسا معاشرہ قائم کریں جو حقیقی اسلام (یعنی قرآن) کے اصولوں پر متشکل ہو اور ان اصولوں کی روشنی میں ہم ایسے جزئی قوانین مرتب کریں جو دور حاضر کے تقاضوں کو کما حقہٗ پورا کر سکیں۔ اسی سے اسلام ان غیر اسلامی عناصر سے منزہ ہو سکے گا جو ہمارے دور ملوکیت کی یادگار ہیں اور جنہیں ہم غلط فہمی سے ہزار برس سے (حقیقی اسلام سمجھ کر) سینے سے لگائے پھر رہے ہیں اور اسی سے ہمارا دین ایک زندہ قوت بن کر دنیا میں ہماری حفاظت اور صیانت کا ذمہ دار بن جائے گا۔ اس لئے کہ (اقبال کے الفاظ میں) تاریخ کے نازک ادوار میں' اسلام نے مسلمانوں کو بچایا ہے۔ مسلمانوں نے اسلام کو نہیں بچایا۔''

اقبالؔ نے اپنے مذکورۂ بالا خطبہ میں یہ بھی بتایا تھا کہ ہمارے زوال کی دو علتیں بالکل نمایاں ہیں۔ ایک تو یہ کہ ہم میں صحیح ٹائپ کے لیڈر نہیں۔

> لیڈر سے میری مراد ایسے افراد ہیں جو اپنی خداداد بصیرت یا تجربہ کی بنا پر' اسلام کی روح اور اس کی غایت سے پوری طرح واقف ہوں اور دوسری طرف عصر حاضر کے تقاضوں کا بھی صحیح صحیح احساس رکھتے ہوں۔ اس قسم کے افراد درحقیقت قوم کے لئے ''خدائی قوت'' کی حیثیت رکھتے ہیں لیکن مشکل یہ ہے کہ یہ خدا کی طرف سے بنے بنائے ملتے ہیں۔ آرڈر دے کر بنوائے نہیں جا سکتے۔

دوسری علت انہوں نے یہ بتائی تھی کہ ہماری قوم میں ''ملی شعور'' کی کمی ہوتی جا رہی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص اپنے اپنے ذاتی مفاد کے پیچھے پڑا رہتا ہے اور ملت کے تعمیری کاموں کی طرف کوئی توجہ نہیں دیتا۔

اس میں کوئی شبہ نہیں کہ ہمارے ہاں اس وقت کوئی لیڈر بھی ان خصوصیات کا حامل نہیں جس کی طرف اقبال نے اشارہ کیا ہے۔ جو لوگ فضا میں خلا کی وجہ سے مذہبی پیشوائیت کی مسندوں پر متمکن ہو گئے ہیں اور زمامِ اقتدار اپنے ہاتھ میں لینا چاہتے ہیں انہیں نہ اس کا علم ہے کہ اسلام کی روح اور غایت کیا ہے اور نہ ہی اس کا شعور کہ عصر حاضر کے تقاضے کیا۔ لیکن اس کمی کو اس طرح پورا کیا جا سکتا ہے کہ ہم باہمی مشاورت سے اپنے تمام معاملات میں قرآن سے راہنمائی حاصل کریں اور اس کی روشنی میں عصر حاضر کے پیش کردہ مسائل کا حل تلاش کرنے کی کوشش کریں۔ ہو سکتا ہے کہ اس کوشش میں ہم کسی جگہ غلطی بھی کر جائیں۔ لیکن غلطیوں سے کبھی گھبرانا نہیں چاہئے۔ مزید تجربہ غلطیوں کی اصلاح خود بخود کر دیا کرتا ہے۔ باقی رہی قوم میں ملی شعور کی بیداری' سو اس کی واحد صورت وہی ہے جسے قرآن نے بطور اصل الاصول پیش کیا ہے۔ یعنی انفرادی مفاد کو کم از کم کر کے ملی مفاد کو زیادہ سے زیادہ کر دیا جائے۔ بالفاظ دیگر' رزق کے سرچشموں کو انفرادی ملکیت سے نکال کر ملت کی اجتماعی تحویل میں دے دیا جائے تاکہ وہ انہیں تمام افرادِ ملت کی نشوونما کے کاموں میں صرف کر سکے۔ قرآن نے اقوام کی تخلیق اور نشاۃ ثانیہ کا ایک اہم اصول بتایا ہے اور وہ یہ کہ پوری کی پوری قوم ایک فرد واحد کی حیثیت سے زندگی بسر کرے۔ **ماخلقکم ولا بعثکم الا کنفس**

واحـدة (۳۱/۲۸)۔اور یہ اسی صورت میں ممکن ہے کہ رزق کے سرچشموں میں افراد کا الگ الگ مفاد نہ رہے بلکہ پوری ملت کا مفاد مشترکہ ہو اور اس کے بعد کسی کے دل میں قطعاً یہ خیال نہ پیدا ہو کہ وہ سندھی ہے یا پنجابی۔ بلوچی ہے یا سرحدی۔ اگر اسلام لانے کے بعد بھی' امتیازاتِ رنگ بو کے یہ بت ہمارے دلوں میں قائم رہے تو سمجھ لیجئے کہ ہمارے دلوں میں ایمان نے گھر نہیں کیا۔ ہم بدستور مشرک کے مشرک ہیں۔

انا هدینٰه السبیل اما شاکرا واما کفوراً (القرآن:۷۶/۳)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قرآن کی سائنٹفک تعبیر

سوال: اگر قرآن کریم کی تعبیر سائنس کے انکشافات کی رو سے کی جائے تو اس پر اعتراض یہ وارد ہوتا ہے کہ کل کو اگر سائنس کے موجودہ نظریات غلط ثابت ہو گئے تو اس سے قرآن پر حرف آئے گا۔اس کی وضاحت کر دیجئے۔

جواب: قرآن کریم کا ایک حصہ اس کے قوانین اور اصولوں پر مشتمل ہے۔اسے وہ محکمات سے تعبیر کرتا ہے اور یہی ام الکتاب ہیں یعنی وہ انسانوں کو جو راہنمائی دینا چاہتا ہے اس کی اصل اور جڑ یہی ہیں۔اس حصہ کا مفہوم متعین اور مطالب واضح ہیں' اس لئے اس کی تعبیرات کا سوال پیدا نہیں ہوتا۔اس کے متعلق یہ دیکھا جائے گا کہ مختلف زمانوں میں ان قوانین اور اصولات پر عمل کس طرح کیا جائے گا۔انسانی علم کی وسعت' ان کی رفعت' ہمہ گیریت اور افادیت کے دلائل بہم پہنچائے گی۔

قرآن کا دوسرا حصہ وہ ہے جس میں وہ اپنے دعاوی کی صداقت پر خارجی کائنات سے شہادات پیش کرتا ہے۔اس کے لئے وہ کارگہ کائنات کے نظم ونسق' قوانین خداوندی کی محکمیت۔تخلیق ارض وسما۔تنویر شمس وقمر' تکویر لیل ونہار' غرضیکہ انفس وآفاق میں آیات اللہ پر غور وفکر کی تاکید کرتا ہے۔اسی حصہ میں وہ امور بھی آجاتے ہیں جن کا تعلق مابعد الطبیعیات سے ہے۔انہیں وہ تشبیہات و استعارات کے انداز میں پیش کرتا ہے۔یہ وہ حصہ ہے جس میں مختلف زمانوں میں مختلف تعبیرات سامنے آسکتی ہیں۔اس لئے کہ ان امور پر انسان اسی حد تک غور وفکر کر سکتا ہے جس حد تک اس کے زمانے میں انسانی علم ترقی کر چکا ہے۔اگر ایک دور کا انسانی علم' مشاہدہ یا تجربہ کسی سابقہ دور سے مختلف ہوگا تو اس دور کی تعبیرات بھی سابقہ دور سے مختلف ہوں گی۔مثلاً قرآن کریم نے فرعونِ (حضرت) موسیٰؑ کی لاش کے متعلق کہا کہ **فالیوم ننجیک ببدنک لتکون لمن خلفک اٰیۃً** (۱۰/۹۱) ''پس ہم آج تیرے جسم کو (سمندر کی موجوں سے) بچالیں گے تاکہ تو ان لوگوں کے لئے جو تیرے بعد آنے والے ہیں' ایک نشان ہو''۔اب ظاہر ہے کہ جس زمانے میں مصریات کے متعلق تحقیق نہیں ہوئی تھی' اس آیت کی تعبیر کچھ اور کی جاتی تھی۔جب اٹھارویں اور انیسویں صدی میں وہاں کے شاہی مقبروں کی کھدائی ہوئی تو ان سے

بیشمار حنوط شدہ لاشیں (ممی) برآمد ہوئیں۔ انہی میں رامیسیس ثانی کی لاش بھی برآمد ہوئی ہے جس کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ حضرت موسیٰؑ کے زمانے کا فرعون تھا۔ اس انکشاف کے بعد قرآن کریم کی مذکورہ صدر آیت کی تعبیر بھی مختلف ہوگئی۔ اس مثال کا تعلق تاریخی انکشافات سے ہے۔ دوسری مثال فلکیات سے متعلق لیجئے۔ قرآن کریم میں اجرام سماوی کے متعلق ہے۔ **کل فی فلک یسبحون** (۲۱/۲۳)۔ تمام (ستارے) اپنے اپنے مدار میں تیر رہے ہیں۔ جب فلکیات کے متعلق قدیم تصور کارفرما تھا تو اس آیت کی تعبیر کچھ اور کی جاتی تھی۔ جب جدید انکشافات کی رو سے فلکیات کے متعلق نئی ''آیات'' (نشانیاں) سامنے آئیں تو اس آیت کی تعبیر کچھ اور ہوگئی۔ تعبیرات کے ان اختلاف سے قرآنی حقائق پر کچھ اثر نہیں پڑتا۔ اگر ہمارے زمانے کی کوئی علمی تحقیق سابقہ دور کی کسی تعبیر کو غلط ثابت کرتی ہے تو اس کے متعلق یہ کہا جائے گا کہ اس زمانے کا انسانی علم ناقص تھا۔ اور اگر آج کی کوئی تعبیر بعد میں آنے والے زمانے نے غلط ثابت کر دی تو یہی بات آج کے انسانی علم کے متعلق کہی جائے گی۔ لہٰذا اس باب میں صحیح روش یہ ہے کہ ہم قرآنی حقائق کو علم انسانی کی موجودہ سطح کی روشنی میں سمجھنے کی کوشش کریں، لیکن اپنی فہم، اور اسپر مبنی تعبیر کو حرف آخر قرار نہ دے لیں۔ اس لئے کہ حقائق کی لامتناہیت کا تو یہ عالم ہے کہ **قل لو کان البحر مدد الکلمٰت ربی لنفذ البحر قبل ان تنفد کلمٰت ربی ولو جئنا بمثلہ مدداً** (۱۸/۱۰۸) ان سے کہہ دے کہ اگر میرے پروردگار کی باتیں لکھنے کے لئے دنیا کے تمام سمندر سیاہی بن جائیں تو سمندر کا پانی ختم ہو جائے گا مگر میرے پروردگار کی باتیں ختم نہیں ہوں گی۔ اگر ان سمندروں کا ساتھ دینے کے لئے ایسے ہی سمندر اور پیدا کر دیں، جب بھی وہ کفایت نہ کر سکیں۔'' حقائق کی یہی لامحدودیت ہے جس کی بنا پر ڈاکٹر جیمز آرنلڈ کراتھر نے کہا ہے کہ ''ہمیں کسی موضوع پر حرف آخر، آخری انسان کے لئے ہی چھوڑ دینا چاہئے۔''

یاد رکھئے۔ قرآن کریم کا ایک ایک لفظ اپنی جگہ پہاڑ کی طرح اٹل ہے۔ اگر ہم اس کے حقائق کے سمجھنے میں غلطی کر جاتے ہیں تو یہ ہمارے تدبر کا قصور یا ہمارے زمانے کی علمی سطح کا نقص ہے۔ لیکن اس کے یہ معنی نہیں کہ اس خیال سے کہ ہم قرآنی حقائق کے سمجھنے میں کہیں غلطی نہ کر جائیں، ہم ان حقائق پر غور و تدبر کرنا ہی چھوڑ دیں۔ جس خدا نے غور و تدبر کا حکم دیا ہے اسے اچھی طرح سے علم تھا کہ انسانی غور و فکر غلطی بھی کر سکتا ہے اور جس دور میں غور و فکر کرنے والا انسان پیدا ہوا ہے اس دور کی علمی سطح بھی ناقص ہو سکتی ہے۔ اس کے باوجود اس نے خارجی کائنات پر غور و فکر کا بھی حکم دیا ہے اور قرآنی حقائق پر بھی۔ یہی وہ حقیقت ہے جسے قرآن میں ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے کہ **سنریھم ایاتنا فی الاٰفاق وفی انفسھم حتی یتبین لھم انہ الحق** (۴۱/۵۳) ''ہم انہیں اپنی نشانیاں انفس و آفاق ہیں دکھائیں گے۔ تا آنکہ ان پر یہ بات ظاہر ہو جائے کہ (قرآن) واقعی ایک حقیقت ثابتہ ہے۔'' اس باب میں (جیسا کہ اوپر کہا جا چکا ہے) بس اس احتیاط کی ضرورت ہے کہ غور و فکر کرنے والا اپنی تعبیر کو حرف آخر نہ سمجھ لے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علماء کرام سے گذارش

ابھی میں بچہ ہی تھی کہ پہلی بار میرے ذہن میں دین اسلام کے حق ہونے کے بارے میں ایک شبہ پیدا ہوا کہ سب مذاہب کے لوگ اپنے مذہب کو درست خیال کرتے ہیں۔ اور دوسروں کے مذہب کو غلط خیال کرتے ہیں اور اسی طرح مسلمان بھی خود کو حق پر سمجھتے ہیں تو کیا خبر کہ صحیح مذہب کونسا ہے؟ اور سب ایک دوسرے کو غلط سمجھتے رہتے ہیں۔ خدا کا شکر ہے کہ میں ایسے ماحول میں تھی کہ مجھے ان سوالات کا جواب مل گیا اور مجھے یقین ہو گیا کہ اسلام ہی صحیح دین ہے۔

لیکن بچپن کی یہ الجھن اب ایک اور روپ دھار بیٹھی ہے۔ پہلے تو یہ الجھن تھی کہ آخر کونسا مذہب برحق ہے اور اب یہ الجھن پیدا ہوئی کہ اسلام کے بے شمار فرقوں میں کونسا فرقہ حق پر ہے؟ ایک خدا اور ایک رسول ﷺ کے نام لیوا' اور اتنے فرقے اور اختلافات کہ ایک مخلص مسلمان کا ذہن سوچتے سوچتے چکرا جاتا ہے کہ آخر کونسے عالم کی تفسیر اور اسلام کی تشریح درست ہے۔ اگر سائنس' واقعات کے متعلق کوئی غلط نظریہ قائم کر لے تو اسکا اتنا نقصان نہیں ہوتا لیکن ایک مسلمان کی دنیا و آخرت دین کے بارے میں غلط نظریات قائم کرنے سے برباد ہو جاتی ہے۔ اس لحاظ سے ان تفرقات اور ان اختلافات نے مجھے بہت پریشان کیا۔ اس کے علاوہ عالم جو دین کا ستون اور ملت اسلامیہ کو صحیح راہ پر گامزن کرنے کے اہل سمجھے جاتے ہیں ان کا آپس میں جھگڑنا' برا بھلا کہنا' نیتوں پر حملہ کرنا اور دوسرے کے خیالات کی غلط ترجمانی کرنا۔ سخت عجیب اور پریشان کن لگتا ہے۔ کتنے افسوس کی بات ہے کہ ایک عالم پر اتنا بھی اعتماد نہ ہو کہ وہ کسی کا نقطۂ نظر درست پیش کر سکتا ہے۔

علماء ایک دوسرے پر بے راہ روی کے فتوے لگاتے ہیں۔ گویا دین اسلام ان میں سے ہر ایک کی متروکہ جائداد ہے۔ اور وہ اپنا کلیم منظور کرانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں اور میری شرم کی کوئی انتہا نہیں رہتی جب میری ایک کمیونسٹ ہم جماعت ہمیشہ اسلام کا مذاق اڑاتے ہوئے کہتی ہیں کہ تم مسلمان تو خود ہی اتنے فرقوں میں بٹے ہوئے ہو۔ کوئی اسلام کی تشریح کچھ کرتا ہے کوئی کچھ۔ آخر دنیا کے

سامنے تم کونسے فرقہ کے اسلام کو پیش کر سکتے ہو۔ اس وقت علماء پر بہت دکھ ہوتا ہے کہ انہوں نے ایک ملت کو اتنے حصوں میں تقسیم کر رکھا ہے اور اس سے بھی زیادہ افسوس یہ سوچ کر ہوتا ہے کہ ملت اسلامیہ مذہبی فرقوں، ملکی تعصب، نسلی تعصب، صوبائی تعصب، ذات پات کے تعصب میں بری طرح بٹ کر بے اتفاقی پیدا کر رہی ہے اور ہر کوئی خود کو دوسرے سے برتر سمجھ رہا ہے۔

کئی سال سے یہ خیالات میرے ذہن میں طوفان بپا کر رہے تھے۔ مجھے اس سوال کا جواب تو مل گیا کہ اسلام ہی دین حق ہے مگر یہ اب تک نہیں مل سکا کہ آخر کون سا فرقہ درست ہے؟ اگر میں کسی کے سامنے فرقہ بندی اور دوسرے تعصّبات کے خلاف بات کرتی ہوں تو کوئی میری بات کی تائید نہیں کرتا بلکہ اکثر یہی کہتے ہیں کہ اختلاف رائے بری چیز نہیں اور فرقے تو پیدا ہوتے ہی ہیں۔ مگر میں اب تک قائل نہیں ہوسکی کہ جب خدا نے سب کو ایک ملت قرار دیا ہے اور فرقہ بندی سے ہمیں ہر لحاظ سے نقصان پہنچ رہا ہے تو پھر یہ کیسے بری چیز نہیں۔

اتفاق سے پرویز صاحب کے لٹریچر میں مجھے پہلی بار فرقہ بندی کے خلاف اپنے خیالات کی تائید ملی اور میں نے شکر کیا کہ کوئی صاحب علم شخص تو اس فرقہ بندی سے نالاں ہے۔ میں یہ تو نہیں کہہ سکتی کہ پرویز صاحب کے خیالات سو فیصدی درست ہیں یا سو فیصدی غلط۔ میں بہرحال یہ ضرور کہہ سکتی ہوں کہ میرے ذہن میں جو خیالات اور سوالات پیدا ہوتے ہیں ان کا جواب انہی کی تحریر ہی سے ملتا ہے۔

اپنی اس الجھن کہ کون حق پر ہے اور کون غلط ہے کا جواب مجھے علماء کرام سے تو نہیں ملا کیونکہ ان میں سے ہر کوئی خود کو حق پر سمجھ کر دوسرے کو باطل پر قرار دیتا ہے۔ البتہ میری سوچ نے مجھے اتنی راہ ضرور دکھائی ہے کہ کسی عالم کو برا بھلا نہ کہوں اور نہ ہی مکمل طور پر اسے درست یا غلط سمجھوں بلکہ انہیں انسان سمجھوں جس سے لغزش کا قوی امکان ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ پرویز صاحب ایسے عالم ہیں کہ اپنی رائے کو حرف آخر نہ سمجھ کر غور وفکر کا دروازہ کھلا رکھتے ہیں۔ کاش دوسرے عالم بھی اپنی رائے پر اصرار نہ کریں اور خود کو انسان سمجھیں۔ اب تو میں اس مقولہ پر عمل کرتی ہوں کہ ''یہ نہ دیکھو کہ کون کہہ رہا ہے بلکہ یہ دیکھو کہ کیا کہہ رہا ہے؟''

لیکن اس الجھن کا خاتمہ یوں نہیں ہوسکتا جب تک سب علماء آپس میں دوستی اور محبت کے ساتھ مسائل کو طے نہ کریں اس سلسلہ میں سب علمائے کرام سے چند گذارشات پر غور کرنے کی درخواست کرتی ہوں۔

۱۔ علماء کی سوسائٹی ملی جلی ہونی چاہئے یہ نہیں کہ ہر عالم اپنے اپنے مدح خوانوں کی محفل میں بیٹھ کر اپنے خیالات کو پختہ کرتے جائیں بلکہ انہیں مخالفین کی باتوں کو غیر جانبدار ہو کر سوچنا چاہئے۔ اختلافی موضوعات پر بجائے برا بھلا کہنے کے خلوص سے غور کرنا چاہئے اور ایک دوسرے کے خلاف جذبات رکھنے کی بری عادت کو ختم کر کے بات کو سمجھنے کی کوشش کرنا چاہئے۔

۲۔ ہر عالم کو یہ احساس ہونا چاہئے کہ اگر وہ کسی بھی غلط نظریہ کو پیش کریں گے تو اس کو قبول کرنے والے جتنے بھی

لوگ ہوں گے ان سب کا گناہ ان پر ہوگا۔ تعجب ہے کہ اتنی بڑی ذمہ داری ہو اور علماء اپنے نقطۂ نظر پر اس قدر اصرار کریں؟

۳۔ اختلافات کو ذاتی اختلاف نہ بنایا جائے۔ اپنے نظریات کی تائید کروانے کی بجائے حق کی تلاش کو اپنا مقصود حیات قرار دیں۔

۴۔ جو بات کسی دوسرے کی غلط محسوس ہو اس کو اخبارات اور رسائل میں کیچڑ اچھالنے کی بجائے اس شخص سے براہ راست گفتگو کی جائے اور طنز و تحقیر کا طریقہ اختیار نہ کیا جائے۔ کسی کے خیالات کی غلط ترجمانی کرنا بہت بڑا جھوٹ ہے۔ اور اکثر علماء دوسروں پر تہمتیں لگاتے ہیں۔ حیرت ہے کہ عالم ہو کر اتنی بڑی غلطی؟

۵۔ اپنے ذہن کو حق کی قبولیت کے لئے بالکل کھلا رکھیں۔

۶۔ علماء ایک دوسرے کی تحریر و تقریر کا مطالعہ صاف دلی اور خلوص سے سمجھنے کی خاطر کریں۔ خامیاں تلاش کرنے کی خاطر نہ کریں۔ خود کو اپنے اپنے حامیوں کی محفل میں مقید نہ کرلیں۔

میری تمام علماء کرام سے نہایت ہی پرخلوص اور دردمندانہ التجا ہے کہ وہ ان پر ضرور غور کریں آپس کے جھگڑوں کو ختم کریں، بھائی چارہ قائم کریں، فرقوں کو ختم کریں، دیانت داری سے ہر مسئلہ پر غور کریں اور مسلمانوں کو تقسیم ہونے سے بچائیں اور سب سے بڑی یہ بات کہ مخلص مسلمانوں کو حق کی تلاش میں مدد دیں نہ کہ اپنے جھگڑوں کے باعث دین میں الجھنیں پیدا کریں۔ اگر علماء میری اس گذارش پر غور کریں تو ان کی بہت شکر گذار ہوں گی۔

''بنت اسلام''

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دین میں غلو

نبی اکرم ﷺ نے حجتہ الوداع میں جو عدیم النظیر خطبہ ارشاد فرمایا وہ درحقیقت عالمگیر انسانیت کے لئے منشور حیات ہے۔ اس میں' چند فقروں میں' اسلام کے بنیادی اصولوں کو اس حسن وخوبی سے سمٹا دیا گیا ہے' کہ جوں جوں نگہ بصیرت اس پر غور وتدبر کرتی ہے' حقائق کی ایک دنیا اس کے سامنے بے نقاب ہوتی چلی جاتی ہے اس خطبہ میں ایک بلیغ فقرہ یہ بھی ہے۔

ایاکم والغلو فی الدین۔ فانما اھلک قبلکم الغلو فی الدین۔

دین میں غلو مت کرو۔ تم سے پہلی قومیں اسی سے برباد ہوئی ہیں۔

آپ غور کیجئے کہ کیسی وسیع اور عظیم حقیقت ہے جسے چند الفاظ میں بیان فرما دیا گیا ہے۔ یہ درحقیقت قرآن کریم کی اس آیت کی ترجمانی ہے جس میں کہا گیا ہے کہ **یٰاھل الکتٰب لا تغلوا فی دینکم** (۴/۱۷۱)۔ ''اے اہل کتاب! اپنے دین میں غلو مت کرو۔'' غلو کے معنی ہیں حد سے بڑھ جانا۔ دین میں حد سے بڑھنے کی کئی راہیں ہیں لیکن ان میں سب سے زیادہ خطرناک راہ وہ ہے جس میں شخصیتوں کو ان کے مقام سے آگے بڑھا دیا جاتا ہے۔ یہ چیز خود اس مقام سے واضح ہے جہاں یہ آیت آئی ہے۔ اس میں عیسائیوں سے کہا گیا ہے کہ تم حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو ان کے مقام سے مت بڑھاؤ۔ وہ خدا کے رسول ہیں۔ انہیں خدا کا رسول ہی سمجھو۔ خدا یا ابن اللہ قرار نہ دو۔ یہ غلو فی الدین ہے۔

آپ مختلف مذاہب عالم پر غور کیجئے۔ آپ دیکھیں گے کہ کوئی قوم اپنے بانی مذہب یا دیگر بزرگوں کی تنقیص نہیں کرتی۔ ان کے بارے میں غلو کرتی ہے۔ انہیں ان کے مقام سے گھٹاتی نہیں' آگے لے جاتی ہے۔ ان کی مذمت نہیں کرتی۔ ان کی تعریف میں حد سے بڑھ جاتی ہے۔ ان سے نفرت یا عداوت نہیں برتتی' ان کی محبت اور عقیدت میں مبالغہ کرتی ہے اور یہی چیز ہے جو' نبی اکرم ﷺ کے ارشاد گرامی کے مطابق ان کی تباہی کا موجب بن جاتی ہے۔

قرآن کریم نے' اہل کتاب (یہود و نصاریٰ) کے جرائم کی فہرست میں (جن کی وجہ سے وہ تباہ ہوئے تھے) اس جرم کو نمایاں حیثیت دی ہے کہ **اتخذوا احبارھم ورھبانھم اربابا من دون اللہ۔** (۹/۳۱) انہوں نے اپنے مذہبی پیشواؤں اور پیران طریقت کو خدا سے ورے ہی اپنا رب بنالیا ہے۔ ایک روایت میں ہے کہ اس آیت کے نزول پر حضورؐ سے عرض کیا گیا کہ ''یارسولؐ اللہ! یہ لوگ اپنے احبار و رہبان کی عبادت تو نہیں کرتے تھے۔ آپؐ نے فرمایا کہ کیا یہ واقعہ نہیں کہ جو اللہ نے حلال کیا ہے' اسے وہ حرام کہہ دیتے تو لوگ بھی اسے حرام سمجھ لیتے اور جو اللہ نے حرام کیا ہے اسے حلال کہہ دیتے تو لوگ بھی اسے حلال سمجھ لیتے''۔ اسی کا نام مذہبی پیشواؤں کو ان کے مقام سے آگے بڑھا کر خدا بنالینا ہے۔ حلال وحرام کے تعین کا اختیار صرف خدا کو حاصل ہے۔ یہ اختیار کسی انسان کو دے دینا' اسے خدائی اختیارات کا حامل قرار دے دینا ہے۔ یہ غلو فی الدین ہے اور قوموں کی ہلاکت کا باعث۔ اسی کو قرآن کریم نے دوسری جگہ ''انداداً من دون اللہ'' سے تعبیر کیا ہے۔ جہاں فرمایا کہ **من الناس من یتخذ من دون اللہ انداداً۔** وہ لوگ بھی ہیں جو خدا کے علاوہ اور ہستیوں کو بھی خدائی اختیارات اور اقتدارات کی مالک قرار دیتے ہیں''۔ اس کی تشریح اگلے الفاظ سے یہ کہہ کر کردی کہ **یحبونھم کحب اللہ۔** ''وہ ان کی محبت اسی طرح کرتے ہیں جس طرح اللہ سے محبت کرنی چاہئے۔ وہ اس محبت کا مظاہرہ ان کے ارشادات کی اطاعت سے کرتے ہیں یعنی وہ ان کے احکام کی اطاعت اسی طرح کرتے ہیں جس طرح خدا کے احکام کی اطاعت کرنی چاہئے۔ **والذین اٰمنوا اشد حبا للہ۔** (۲/۱۶۵) لیکن ایمان والوں کی کیفیت یہ ہوتی ہے کہ وہ صرف احکام خداوندی کی اطاعت کرتے ہیں اور شدومد سے اطاعت کرتے ہیں۔

یہ ہے دین میں غلو' جس سے قومیں تباہ ہوتی ہیں۔

آیت (**یااھل الکتاب لا تغلوا فی دینکم**..... الخ) کی تفسیر میں' تفسیر ابن کثیر میں لکھا ہے کہ

> اہل کتاب کو زیادتی سے اور حد سے آگے بڑھ جانے سے اللہ تعالیٰ روک رہا ہے۔ عیسائی حضرت عیسیٰؑ کے بارے میں حد سے گذر گئے تھے اور نبوت سے بڑھا کر خدائی تک پہنچا رہے تھے۔ بجائے اطاعت کے عبادت کرنے لگتے تھےؒ بلکہ اور بزرگان دین کی نسبت بھی ان کا عقیدہ خراب ہو چکا تھا۔ وہ انہیں بھی جو عیسائی دین کے عالم اور عامل تھے' معصوم جاننے لگ گئے تھے اور یہ خیال کرلیا تھا کہ جو کچھ یہ ائمہ دین کہہ دیں اس کا ماننا ہمارے ذمے ضروری ہے۔ سچ اور جھوٹ۔ حق و باطل۔ ہدایت وضلالت کے پرکھنے کا کوئی حق ہمیں حاصل نہیں جس کا ذکر قرآن کی اس آیت میں ہے۔ اتخذوا احبارھم..... الخ مسند احمد میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا مجھے تم ایسا نہ بڑھانا جیسا کہ نصاریٰ نے عیسیٰؑ ابن مریم کو بڑھایا۔ میں تو صرف ایک بندہ

ہوں۔ پس تم مجھے عبداللہ اور رسول اللہ کہنا۔ یہ حدیث بخاری وغیرہ میں بھی ہے۔ مسند کی اور حدیث میں ہے کہ کسی شخص نے آپ سے کہا ''اے محمدؐ! اے ہمارے سردار اور سردار کے لڑکے۔ اے ہم سب سے بہتر اور بہتر کے لڑکے!'' تو آپ نے فرمایا۔ لوگو! اپنی بات کا خود خیال کر لیا کرو۔ تمہیں شیطان ادھر ادھر نہ کر دے۔ میں محمدؐ بن عبداللہ ہوں۔ میں خدا کا غلام اور اس کا رسول ہوں۔ قسم خدا کی میں نہیں چاہتا کہ تم مجھے میرے مرتبے سے بڑھاؤ۔

حضورﷺ کو اس کی اہمیت کا کس قدر شدید احساس تھا' اس کا اندازہ اس سے لگائیے کہ آپ نے اپنی وفات سے قبل جن امور کی تاکید فرمائی' ان میں یہ بھی تھا کہ

> حرام وحلال کی نسبت میری طرف نہ کی جائے۔ میں نے وہی چیز حلال کی ہے جو خدا نے اپنی کتاب میں حلال کی ہے اور وہی چیز حرام کی ہے جو خدا نے حرام کی ہے۔

اور یہ بھی کہ

> یہود ونصاریٰ پر خدا کی لعنت ہو۔ انہوں نے اپنے پیغمبروں کی قبروں کو پرستش گاہ بنا لیا۔

ان ارشادات نبویؐ کا مقصود یہ ہے کہ خدا کو خدا کے مقام پر رکھو۔ رسول کو رسول کے مقام پر اور بزرگوں کو ان کے اپنے مقام پر۔

جب قومیں اپنے بزرگوں کو ان کے مقام سے بڑھا دیتی ہیں' تو جھگڑے شروع ہو جاتے ہیں۔ آپ غور کیجئے کہ عیسائیوں کا مسلمانوں کے ساتھ جھگڑا کیا ہے؟ فقط یہ کہ مسلمان چاہتے ہیں کہ حضرت مسیحؑ کو ان کے صحیح مقام (عبداللہ ورسول اللہ) پر رکھا جائے لیکن عیسائی اسے حضرت عیسیٰؑ کی تنقیص اور توہین سمجھتے ہیں۔ اس سے ظاہر ہے کہ جب کوئی قوم اپنے کسی بزرگ کو اس کے مقام سے آگے بڑھا دیتی ہے تو جو شخص اسے اس کے صحیح مقام پر لانے کی کوشش کرتا ہے' اس کے متعلق سمجھا جاتا ہے کہ وہ اس بزرگ کی توہین کر رہا ہے؟ اس سے مذہبی پیشوا عوام کو یہ کہہ کر بھڑکا دیتے ہیں کہ یہ شخص تمہارے بزرگوں کی ہتک کر رہا ہے' حالانکہ وہ جو کچھ کرتا ہے اس سے زیادہ کچھ نہیں کہ ان بزرگوں کو ان کے صحیح مقام پر لاتا ہے۔ قوموں کی یہی نفسیات ہے جس سے وہ تباہ ہوتی ہیں۔ یعنی جب کوئی قوم اپنے مذہب کے بانی یا دیگر بزرگوں کے صحیح مقام کے متعلق سمجھنے لگے کہ وہ ان کی توہین کے مرادف ہے' وہ ضلالت کے جہنم میں گر کر تباہ ہو جاتی ہے۔

لیکن کتنی بڑی ستم ظریفی ہے کہ ہم غیر مسلموں کے ساتھ تو آئے دن جھگڑتے رہتے ہیں کہ انہوں نے اپنے بزرگان مذہب کو ان کے صحیح مقام سے آگے بڑھا رکھا ہے' لیکن کبھی نہیں سوچتے کہ کیا ہم نے بھی اپنے بزرگوں کے ساتھ یہی کچھ نہیں کر رکھا؟ ہم جب انہیں کہتے ہیں کہ وہ اپنے انبیاءؑ اور بزرگان کو ان کے صحیح مقام پر رکھیں تو اسے حق کی تلقین اور دین کی خدمت قرار دیتے ہیں (اور یہ بات ہے بھی ٹھیک) لیکن جب یہی بات کوئی ہم سے کہتا ہے تو اسے

حق کا بدترین مخالف اور دین کا شدید ترین دشمن قرار دے کر اس سے سر پھٹول شروع کر دیتے ہیں! جب غیر مسلم اپنے بزرگوں کی بے جا عزت وتکریم کے جواز میں یہ دلیل پیش کرتے ہیں کہ ہمیں ان سے شدید محبت ہے' اس لئے ہم اس باب میں کچھ نہیں سننا چاہتے' تو آپ اسے مذہبی دیوانگی (Fanaticism) قرار دیتے ہیں۔لیکن جب کوئی آپ سے کہتا ہے کہ آپ اپنے فلاں بزرگ کی شان میں اس قدر غلو کیوں کرتے ہیں تو آپ یہ کہہ کر اسے خاموش کر دیتے ہیں کہ

مجھے معذور رکھ! میں مستِ صہبائے محبت ہوں

یہ ''مستی صہبائے محبت'' ہی تو ہے جسے قرآن کریم نے غلو فی الدین سے تعبیر کیا ہے اور جسے نبی اکرمؐ نے امتوں کی تباہی کا باعث بتایا ہے۔ یاد رکھئے! کوئی قوم نفرت اور عداوت کی بنا پر اپنے بزرگوں کی شان میں مبالغہ نہیں کرتی۔ وہ ایسا محبت اور عقیدت کی بنا پر ہی کرتی ہے۔سو اگر ان کا اس بنا پر ایسا کرنا غلط ہے تو اسی بنا پر ہمارا ایسا کرنا کس طرح صحیح ہوسکتا ہے؟ وہ لوگ تو پھر بھی ایک حد تک قابل معافی ہیں کہ ان کے پاس کسی کے صحیح مقام کے تعین کے لئے خدا کی طرف سے کوئی معیار نہیں' لیکن ہمارا جرم اس باب میں بڑا سنگین ہے۔اس لئے کہ ہمارے پاس خدا کی وہ زندہ کتاب موجود ہے جو کائنات میں ہر شے کا صحیح صحیح مقام متعین کرتی ہے۔ قرآن کریم کی تعلیم کا نقطۂ ماسکہ یہ ہے کہ وہ ہر شئے کو اس کے حقیقی مقام پر رکھتی ہے۔کسی شے کو اس کے اصلی مقام سے ہٹا دینے کو (امام راغب کے قول کے مطابق) ظلم کہتے ہیں۔ قرآن نے شرک کو ظلم عظیم کہا ہی اس لئے ہے کہ اس میں غیر خدائی ہستیوں کو ان کے مقام سے ہٹا کر آگے بڑھا دیا جاتا ہے۔(**ان الشرک لظلم عظیم** ۔۳۱/۱۴)۔ ہماری حالت یہ ہے کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو ان کے صحیح مقام سے ہٹا کر' بہت آگے بڑھا رکھا ہے۔ جب کوئی شخص دوسرے لوگوں کے ان معبودوں'' کے متعلق کہتا ہے کہ انہیں ان کے صحیح مقام پر رکھنا چاہئے' آپ خوش ہوتے ہیں اور اسے دین کا سچا خادم قرار دیتے ہیں لیکن جوں ہی آپ کے ''معبود'' کی باری آتی ہے' آپ بھی پنجے جھاڑ کر اس کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔

نبی اکرمؐ کے ارشاد گرامی کو ایک مرتبہ پھر سامنے لائیے کہ

ایاکم والغلو فی الدین۔ فانما اھلک قبلکم الغلو فی الدین۔

دین میں غلو مت کرو۔تم سے پہلی قومیں اسی سے برباد ہوئی ہیں۔

